Our 4th option, Mr. Chairman, I believe is to open all types of bilateral channels to have a clam dialogue with India. Many of my friends will not agree with me but I happen to believe that in real politics you do not close the doors, you open them. If you are not a super power, you try to see what is manageable and there even the super powers, even at times when the policies of America and Russia were so different that President Reagan was calling the Soviet Union an evil umpire, there was no hesitancy in meeting even Breznev and I would suggest that while we may do it through various intermediaries. While we may prepare this process carefully, there is no alternative to having some bilateral negotiations with India. I suggested in a different context that we should not try to eliminate Mr. V.P. Singh. We should give him a chance to dis-associate himself from the mistakes of Nehru family. I believe he is a man of exceptional qualities. I have been greatly impressed in my dealings with him as Finance Minister by his integrity and his straightforward ness. It is in that spirit Mr. Chairman, that I took the initiative of writing him a personal letter not because I believe that I have a special claim on the attention or on the affection of Mr. V.P.Singh because I believe that every little gesture can help and besides making many proposals in this letter I also wrote him, if I may quote:

> "You have a great opportunity today to put the stamp of your own leadership on this issue cutting across the cobwebs of the last 43 years. This will not be easy but I am writing to you in the hope that you will rise above the present political tension and start a new

[Dr. Mahbubul Haq]

chapter in the history of our two countries. You told me in 1985 and 1986 on several occasions that you will like to restore normalcy in Indo-Pakistan relations. We both share this dream and I was greatly impressed by your sincerity. I am no longer in a position to do much to pursue that dream of ours, you are and I hope you will take the chance, however, risky it may be."

And I do believe and I do hope that the Indian Prime Minister will rise above his political compulsions and leaders have to take great risks and great chances. I hope he will look at the issue not in terms of political expediency but in terms of his historical significance in improving the climate of relations in this part of the globe. These, then I believe, Mr. Chairman, are the various options that we might like to pursue and we should try to formulate today a national strategy in a spirit of bi-partisan cooperation. We can give a gift today to our Kashmiri freedom fighters, the gift of our national unity. As they offer their lives let us at least offer them our united hands.

Mr. Chairman, I was in New York on February 5th, the foreign press extensively covered the carnage in Karachi and then it is also commented that more people were killed in Karachi in one day than in the previous week in the Occupied Kashmir. And some newspapers also commented that Pakistan is trying to advocate democratic rights for the Kashmiri people and yet it has shown a reluctance to respect those democratic norms within its own boundaries for a good part of its political life. This certainly did not help the cause of Kashmir. We can dismiss it lightly as Indian propaganda, be surely it was, but let us also have the courage to face bitter truth. We cannot absolve ourselves of our own national responsibility in this matter. Of course, there are certain external hands which are trying to destabilize Pakistan but let us face it. External hands can fish only in troubled waters and it is our national responsibility to see where the waters are troubled or calm. So, our best gift to the Kashmiri people today will be to close our ranks to fashion a bi-partisan national strategy and to ensure that by observing the democratic norms ourselves we can strengthen the case for democracy in Kashmir.

Let me conclude Mr. Chairman, on a personal note; 55 years ago on this very day - 22nd February, I was born in Kashmir. For the first 13 years of my life I spent in the valley of Kashmir and in the dust of Jammu. Even now the dust of Kashmir runs through my blood and it is difficult for me to talk about Kashmir without a show of emotions. But I have spoken today Mr. Chairman, with no bitterness and no rancour because I strongly believe that the best we can do for our Kashmiri heroes is not to lose our heads when they are losing their lives. What we can do for them is calm organization, careful planning, putting this issue on the front pages of the international media and I think it is in that spirit that we should proceed and if I may end with a verse from Faiz Ahmed Faiz:

؎ روشن کہیں بہار کے امکاں ہوئے تو ہیں
گلشن میں چاک چند گریباں ہوئے تو ہیں۔
اب بھی خزاں کا راج ہے لیکن کہیں کہیں
گوشے رہ چمن میں غزل خواں ہوئے تو ہیں۔

اب یہ ہمارا قومی فرض ہے جناب چیئرمین! کہ کشمیر کی وادی میں جو بہار کے امکان روشن ہوئے ہیں ہم اُن کی آبیاری کریں اور ہم اُن کی آبیاری قومی سمجھ سے کر سکتے ہیں اس کی آبیاری ہم اخلاقی مدد سے کر سکتے ہیں اور اسکی آبیاری ہم قومی یکجہتی سے کر سکتے ہیں آپ کا بہت بہت شکریہ!

جناب چیئرمین: شکریہ! پروفیسر خورشید احمد صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! ہم آج ایک بڑے ہی تاریخی لمحے پر ایک ایسے موضوع پر گفتگو کر رہے ہیں جو اس علاقے کی تاریخ کو متاثر کرنے والا ہے اور جس کے نتیجے میں مجھے یقین ہے کہ برصغیر میں بنیادی تبدیلیاں رونما ہونگی وہ جموں وکشمیر جسے زمین پر فردوس بریں کہا گیا جس کا حسن ضرب المثل ہے آج وہ ایک آتش فشاں کی مانند ہے جو خود بھی جل رہا ہے اور جس کی تپش آس پاس کے علاقوں کو بھی متاثر

[Prof. Khurshid Ahmed]

کہہ رہی ہے آج وہ زمین اپنے بیٹوں اور بیٹیوں کے خون سے لالہ زار ہے ہم کشمیر کے مسئلے پر صرف اس طرح گفتگو نہیں کر سکتے جس طرح ہم دنیا کے کسی اور علاقے میں کسی کشمکش کے بارے میں بات کرتے ہیں بلاشبہ حق و باطل کی کشمکش جہاں بھی ہو وہ اہم ہے اور ہمیں حق کا ساتھ دینا چاہیئے لیکن کشمیر ہمارے لیے محض نیمیبیا کی طرح نہیں یہ ہمارے اپنے بھائیوں اور بہنوں کا مسئلہ ہے۔ یہ مسلمانان برصغیر کا مسئلہ ہے یہ تحریک پاکستان کے نامکمل باب کا مسئلہ ہے اور اگر مختصراً مسئلہ کشمیر کو سمجھا جائے تو وہ یہ ہے کہ آج تک وادی جموں و کشمیر پر اس اصول تقسیم کا اطلاق نہیں ہو سکا جس کی بنیاد پر پاکستان اور ہندوستان کی آزاد مملکتیں وجود میں آئی تھیں یہ حل طلب مسئلہ ہے اور یہی اس میں محض دلچسپی ہی نہیں یہ تو ہماری زندگی اور موت کا مسئلہ ہے اور اگر اسے اٹھانے میں کچھ غلطیاں کو انگیز کرنا پڑا تو یہیں ان غلطیوں کو انگیز کرتے ہوئے اس مسئلے کے بارے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیئے۔

میں جناب والا! ان باتوں کا اعادہ نہیں کروں گا جو میرے محترم ساتھی اس سے پہلے اس بحث میں کہہ چکے ہیں محترم سینیٹر بہرہ ور سعید صاحب، محترم محمد علی خان صاحب ہوتی محترم میر ہزار خان بجرانی، ڈاکٹر محبوب الحق، انہوں نے خصوصیت سے اس مسئلے کے مختلف پہلوؤں پر بڑی سیر حاصل اور بڑی mature گفتگو کی۔ میں ان تمام نکات سے اپنے آپ کو associate کرتے ہوئے جو انہوں نے اٹھائے ہیں، ان چیزوں کو لینا چاہتا ہوں جو میری نگاہ میں اس وقت نوٹ کیے جانے کے لائق ہیں۔ پھر جناب والا! میں یہ بتانے کی کوشش کروں گا کہ پاکستان کو اس وقت کیا کرنا چاہیئے اس پر آپ کے سامنے کچھ تجاویز کچھ خیالات رکھوں گا جو مسائل اس وقت پیش نظر ہیں ان میں مجھے ایک بات خود مسئلہ کشمیر کے آغاز کے بارے میں بھی کہنا پڑے گی اس لیے کہ جائنٹ سیشن میں اپوزیشن کے ایک لیڈر نے مسلم لیگ سے اپنی مخاصمت کی بنیاد پر تاریخی مخاصمت کی بنیاد پر ایسے مسائل کو اٹھایا جو نہ اٹھائے جانے چاہیئے تھے اور نہ وہ حقیقت سے کوئی تعلق رکھتے تھے میں یہ بات صاف صاف کہنا چاہتا ہوں کہ جس بنیاد پر تقسیم کا عمل واقع ہوا اور ریاستوں کے بارے میں جو پالیسی اختیار کی گئی اسے وہاں پر آدھا پیش کیا گیا پورا نہیں پیش کیا گیا بلاشبہ ریاستوں کے بارے میں یہ پالیسی اختیار کی گئی تھی کہ ریاستوں کے جو سربراہ ہیں وہ accession کے بارے میں

فیصلہ کریں گے لیکن ساتھ ہی یہ اصول بھی طے ہوا تھا کہ اگر کسی ریاست کے الحاق کا مسئلہ متنازعہ فیہ ہو جائے تو پھر وہاں کے عوام اس کو طے کریں گے خود ماؤنٹ بیٹن نے اس بات کو ان الفاظ میں تسلیم کیا تھا کہ جس معاملے میں اختلاف رائے ہو جائے گا اس اختلاف رائے کو حل کرنے کا ذریعہ عوام کی طرف سے ریفرنڈم ہے یہ بات اس نے ایک جگہ نہیں بلکہ دو جگہ کہی سب سے پہلے Chamber of Princes سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی کہ ریاستیں آزاد ہیں کہ دونوں مملکتوں میں سے جس کے ساتھ چاہیں الحاق کر سکتی ہیں لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ وہ جس سے چاہیں الحاق کے لیے آزاد ہیں تو میں اس بات کا اضافہ بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ کچھ جغرافیائی مجبوریاں ہیں جن سے صرف نظر نہیں کیا جا سکتا۔ آپ اس مملکت کی حکومت سے جو آپ کی ہمسایہ ہے دور نہیں جا سکتے اور اسی طرح آپ اس رعایا کی مرضی کے خلاف بھی نہیں جا سکتے جس کی فلاح و بہبود کے آپ ذمہ دار ہیں اس کے بعد پھر مہاراجہ کو خط لکھتے ہوئے اس نے اس بات کو دو ٹوک الفاظ میں کہا کہ جہاں پر بھی سربراہ ریاست کی رائے متنازعہ جائے وہاں پر آخری فیصلہ اس ریاست کے عوام کے استصواب اور مرضی سے ہوگا۔ یہ تھا وہ اصول لیکن اس دوسرے حصے کو انہوں (رکن مذکور) نے بیان نہیں کیا ایک کو بیان کر کے مسلم لیگ کی قیادت کو مورد الزام ٹھہرانے کی کوشش کی۔ یہ حقائق کے ساتھ ناانصافی ہے۔

جناب والا! میں ان quotations کو نہیں لینا چاہتا جن میں سے کافی یہاں quote ہو چکی ہیں کہ پنڈت جواہر لعل نہرو نے سردار پٹیل نے اور ہندوستان کے نمائندے نے سیکورٹی کونسل میں دوسرے بین الاقوامی فورم پر کس طرح اس بات کو commit کیا کہ کشمیر کا الحاق ابھی final ہونا باقی ہے یہ متنازعہ مسئلہ ہے اور اس کا آخری فیصلہ استصواب رائے کے ذریعے کیا جائے گا یہ موقف پاکستان نے پہلے دن سے آج تک اختیار کیا ہے یہی جائز موقف ہے بدقسمتی سے ہم گزشتہ تیس سال سے اس بارے میں غفلت کا شکار ہو رہے ہیں چند بین الاقوامی پلیٹ فارمز پر محض اشک شوئی کے لیے یا رسمی اظہار خیال کے لیے کشمیر کا نام لیا گیا لیکن کشمیر کے بارے میں کوئی مؤثر کوشش نہیں

[Prof. Khurshid Ahmed]

کی جس کے نتیجے میں ہندوستان جری ہوا اور اس نے اپنے غلط اور منفی پروپیگنڈے سے عالمی رائے عامہ کو متاثر کرنے کی کوشش کی اب وقت آگیا ہے کہ اس معاملہ میں کوئی غفلت نہ کی جائے اور سارے وسائل استعمال کیے جائیں کیونکہ ہمارا موقف جو مبنی برحق ہے جس پر ہم دنیا کو convince کر سکتے ہیں اور ہندوستان کے پاس کوئی ایک بھی دلیل ایسی نہیں جس کی بنیاد پر وہ اپنے موقف کو صحیح ثابت کر سکے لیکن ہماری خاموشی سے ہمارا کیس by default جا رہا ہے اس لیے نہیں کہ یہ کیس کمزور ہے

جناب والا! میں سب سے پہلے آپ کے سامنے یہ بات رکھنا چاہتا ہوں کہ دو تین چیزیں جن کا ہندوستان نے اس زمانے میں پروپیگنڈا کیا ان میں صداقت کیا ہے سب سے پہلی چیز آپ یہ دیکھتے ہیں کہ انہوں نے یہ بات کہی ہے کہ کشمیر میں انتخابات ہو گئے ہیں اور یہ انتخابات گویا کہ استصواب رائے کے مترادف ہیں۔ جناب والا! اس سے بڑا جھوٹ کوئی اور نہیں ہو سکتا ہے اس لیے میں چاہتا ہوں کہ ضروری حقائق آپ کے سامنے رکھوں جناب والا! ہندوستان نے Constituent Assembly کے انتخابات کی بات ۱۹۵۰ء میں کی تھی اور ۱۹۵۲ء میں اس کا نام نہاد Constituent Assembly کا انتخاب ہوا لیکن وہ انتخاب اس نوعیت کا تھا اس میں ۷۵ افراد منتخب ہوئے تھے جن میں سے ۷۲ بلا مقابلہ منتخب ہوئے اور صرف دو پر پولنگ ہوئی اور پھر اسمبلی کے بننے کے فوراً بعد شیخ عبداللہ کو گرفتار کر لیا گیا اور اس کے بعد اس اسمبلی نے وہ ریزولیوشن پاس کیا جس پر ہندوستان انحصار کرتا تھا اور جس کے بارے میں خود شیخ عبداللہ نے یہ بات کہی کہ مجھے اعتراف ہے کہ دستور ساز اسمبلی کو قائم کرنے کا میں ذمہ دار ہوں لیکن اس اسمبلی میں الحاق کا فیصلہ اسی وقت ہوا جب مجھے اور میرے تمام ساتھیوں کو جیل میں ڈالا جا چکا تھا اس فیصلے کو حاصل کرنے کے لیے متعدد ارکان کو رشوتیں دی گئیں نقد روپے کی شکل میں بھی اور پرمٹوں کی شکل میں بھی۔ بہت سوں پر جبر و تشدد کیا گیا آپ یہ ہرگز نہیں کہہ سکتے کہ یہ فیصلہ آزادانہ اور منصفانہ طریقے پر حاصل کیا گیا ہے۔

پھر جناب والا! U.N.Observers نے اسی وقت اس مسئلہ کو United Nations

کے سامنے پیش کیا کہ وہاں پر یہ نام نہاد Constituent Assembly, بنائی جا رہی ہے۔ اس Constituent Assembly, کے سلسلے میں سیکورٹی کونسل نے جو قرار داد پاس کی وہ آپ کے سامنے لانا بہت ضروری ہے اس لیے کہ اس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ اس پورے معاملے کی حقیقت کیا ہے۔ ۱۹۵۱ء ہی کے سیکورٹی کونسل کے resolution میں کہا گیا ہے

"Affirming that the convening of a Constituent Assembly recommended by the General Council of the House of the Jammu and Kashmir National Conference and any action that Assembly might attempt to take, to determine the future shape and affillation of the entire State or any part thereof would not constitute a disposition of the State in accordance with the above principle."

جو انہوں نے re-offirm کیا یکم جنوری ۱۹۴۷ء کو۔

They have re-affirmed their desire that the future of the State of Jammu and Kashmir shall be decided through democratic methods of a free and impartial plebiscite conducted under the auspices of the United Nations.

اس لیے ایک plebiscite ہونا تھا جو پوری جموں وکشمیر کی ریاست میں ہونا تھا کسی ایک علاقے میں نہیں U.N. auspices میں ہونا تھا اور اس کے کچھ ضوابط وقواعد بنائے گئے تھے جن کے تحت ہونا تھا اسی بات کا اعادہ پھر ۱۹۵۷ء میں سیکورٹی کونسل نے کیا جس میں اس بات کا صاف اعلان ہوا کہ

"Re-affirms the affirmation in its resolution of 30th March, 1951 and declare that the convening of the Constituent Assembly as recommended by the General Council of the House of Jammu and Kashmir National Conference and any action that Assembly may have taken or might attempt to take, to determine the future shape and affiliation of the entire State or any part thereof or actions by the parties concerned in support of any such action in the Assembly would not constitute a disposition of the State in accordance with the above principle."

[Prof. Khurshid Ahmed]

جناب والا! یہ تھی حقیقت اس اسمبلی کی اور یہ اس کی قانونی پوزیشن تھی اس کے بعد ۱۹۵۷ میں انتخابات ہوئے Tarazinkin ہندوستان سٹینڈرڈ میں اس انتخاب کے کے بارے میں لکھتی ہے کہ انتخاب تو ہو رہا ہے لیکن نہ کوئی انتخابی ولولہ ہے نہ پوسٹرز، نہ تقاریر اور ۴۳ میں سے ۸ نشستوں کے سوا کہیں انتخاب نہیں ہو رہا دوسرے الفاظ میں ۳۵ نمائندے بلا انتخاب یعنی unopposed منتخب ہو گئے ہیں" یہ ہے انتخابات کا وہ ڈرامہ جو وقتاً فوقتاً کشمیر میں رچایا گیا ہے اور جس کا ذکر ان کے وزیراعظم ہماری سرزمین پر آکر بڑی تعدی کے ساتھ کر کے گئے ہیں اور دنیا میں اس کا ڈھنڈورا پیٹ رہے ہیں اور پھر جناب والا! ۱۹۸۷ کا انتخاب دیکھیے جو ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے ۱۹۸۷ کے انتخاب میں عوام کے فیصلے کو یکسر تبدیل کر دیا گیا تمام بین الاقوامی Observers متفق ہیں کہ متحدہ مسلم محاذ ۹۹ فیصد نشستیں جیتا عملاً کیا ہوا جس constituencies میں متحدہ مسلم محاذ کو ۷۰ ہزار ووٹ ملا تھا وہاں polling booth میں سے سات ووٹ بھی نہ نکلے اور یہ جو کشمیر میں مسلح movement شروع ہوئی اس کا آغاز بھی ۱۹۸۷ سے ہوا ہے جب ہندوستان نے ballot paper کے تقدس کو ختم کر دیا تو پھر لوگ مجبور ہوئے کہ وہ دوسرے راستے کو اختیار کریں اور وہ تمام نوجوان جو اس وقت polling agent تھے آج وہ مجاہد ہیں اور گلیوں میں اور سڑکوں پر ان کا مقابلہ کر رہے ہیں اور آخری چیز پھر ۱۹۸۹ کا انتخاب ہے جس میں صرف ۲ فیصد ووٹرز ووٹ ڈالنے گئے یہ ہے پوری تاریخ جو اس بات کو واضح کر دیتی ہے کہ کشمیری عوام کے ساتھ کیا ظلم ہوا ہے کیا ڈھونگ رچایا گیا ہے ان کی اصل خواہش کیا ہے اور کس طرح ان کی خواہش کے علی الرغم ان کو جبر و استبداد کے نظام میں جکڑا گیا ہے

جناب والا! میں چاہتا ہوں کہ دو تین اہم issues جو ہیں ان پر بھی کچھ عرض کروں جن میں سے میری نگاہ میں ایک معاہدہ شملہ ہے چوں کہ اس کا بار بار حوالہ دیا جا رہا ہے اس لئے اس پر گفتگو کرنا ضروری ہے، میں سمجھتا ہوں کہ معاہدہ شملہ ایک خاص ماحول میں ہوا ہے اور اگر آپ وہ پوری debate پڑھیں جو اس وقت کی قومی اسمبلی میں

اس مسئلے پر ہوئی اور یہ پوری volume میرے پاس ہے آپ یہ دیکھیں گے کہ اس میں خود اس وقت کے صدر مملکت نے بھی اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ یہ معاہدہ ہم نے کچھ خاص حالات کے اندر کیا ہے وہ حالات جن میں کہ ہم شکست خوردہ تھے ہندوستان کو بالادستی حاصل تھی ہمارے ۹۰ ہزار فوجی ان کی قید میں تھے ہماری زمین پر ان کا قبضہ تھا اور ہم مجبور تھے کہ ان حالات میں ہم کوئی راستہ نکالیں خود انہوں نے اپنی تقریر میں اور کئی دوسرے مقررین نے تاشقند declaration اور شملہ معاہدے کا comparison کر کے فرق بیان کیا ہے لیکن اس سب کے باوجود خواہ آپ اپوزیشن کی تقاریر لیں اور خواہ آپ حکومتی پارٹی کے ممبروں کی تقاریر لیں حکومتی پارٹی میں سے تین افراد نے شملہ معاہدے کی مخالفت کی تھی باقی نے تائید کی تھی اور اپوزیشن سے دو افراد نے دبے الفاظ سے تائید کی تھی اور باقی سب نے اس پر تنقید کی تھی لیکن ان سب میں ایک قدر مشترک ہے اور وہ یہ کہ۔ یہ معاہدہ کشمیر کے مسئلے پر پاکستان کے ہاتھ نہیں باندھتا پاکستان کشمیر کے مسئلے پر کشمیریوں کی تائید جاری رکھے گا اور بین الاقوامی فورم میں بھی جب اٹھانا چاہے گا اسے اٹھائے گا بلکہ اس وقت کے صدر جناب ذوالفقار علی بھٹو صاحب کی تقریر کا ایک حصہ میں آپ کو سنانا چاہتا ہوں کہ جس میں وہ کہتے ہیں کہ

Sir, there is only one way to get Kashmir, neither by negotiations nor through the United Nations. If you want the people of Kashmir to secure the right of self-determination, they must fight for their right of self-determination. There is no other way ; 25 years of history has shown us that the right of self-determination cannot be achieved by proxy. Even Americans, the greatest power on earth cannot deprive the people of Vietnam the right of self-determination by using all their power and all their might in that small country. If the people of Jammu and Kashmir want their independence, if they want freedom, if they want to be a free people living in fraternity, friendship and comradeship with Pakistan, they will have to give lead. I tell you, Sir, on the floor of this House with a solemn commitment of the people of Pakistan, that if tomorrow, the people of Kashmir start a freedom-movement, if tomorrow, Sheikh Abdullah, Moulvi Farooq and others start a peoples' movement, we will be with them. We were with the people of

[Prof. Khurshid Ahmed]

Algeria but one million Algerians died for their self-determination. We were with the people of Vietnam. We have been with the people of the Third-World in the struggle of their independence and self-determination and so how can we not be with the people of Jammu and Kashmir in the struggle for their liberation when they are prepared to make sacrifices for their inherent right.

اس میں جناب والا! یہ بات صاف ہو جاتی ہے کہ ان تمام مخصوص حالات کے باوجود نیشنل اسمبلی، پاکستان کی پارلیمنٹ، اس وقت بھی committed تھی کہ جموں و کشمیر میں جو آزادی کے لیے جدوجہد ہو گی وہ اس کا ساتھ دیں گے اس کے ساتھ ہی جناب والا! دلچسپ چیز یہ ہے کہ انڈیا میں بھی لوک سبھا میں شملہ معاہدے پر بحث ہوئی اور وہاں محترمہ اندرا گاندھی نے اسے پیش کیا بہت سی باتیں کہیں، پاکستان کے خلاف بھی بہت سی باتیں کہیں لیکن بات بڑی دلچسپ ہے جو انہوں نے وہاں confess کی۔

"Now, I do not want to go into the business of the United Nations. Quite honestly, I am not bothered whether they go to the United Nations or whether they do not go to the United Nations. I am sure of ourselves. I am sure of whatever delegation we send there, if Pakistan goes to the United Nations, we can meet them there."

تو معلوم ہوا کہ international platform پر لانے کا معاملہ جو ہے وہ متنازعہ نہیں تھا نہ ہی ہے اور اس کو excuse نہیں بننا چاہیے ہمیں ہر international forum پر multi-lateral institutions میں دوسرے ممالک میں bilateral relationship کے اندر کشمیر کے مسئلے کو اٹھانا ہے اور معاہدہ شملہ اس میں حائل نہیں ہوتا۔

جناب والا! میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ اندرا گاندھی صاحبہ کی تقریر میں ایک اور جملہ بڑا اہم ہے جو ہمیں اپنے سامنے رکھنا چاہیئے اور حقیقت یہ ہے کہ کشمیر کی قسمت کے مستقبل کے فیصلے کے لیے اصل ٹیسٹ وہی ہے اندرا گاندھی صاحبہ فرماتی ہیں کہ

"What is the test of people's loyalty. The test is that

every time there was an invasion of Kashmir. The people of Kashmir stood solidly by India. Does this not show that they are with us? To doubt their loyalty and sincerity is not good. I would like to express by appreciation of the past that inspite of religion being invoked and we know that when religion is injected into any argument, people sometimes tend to lose their nationality, the people of Kashmir have been solidly with us in every crisis and I have no doubt that they will remain so."

جناب والا! اگر یہ ٹیسٹ ہے تو آیئے آج کے کشمیر کو دیکھیں، آج کے کشمیر نے یہ بات ثابت کر دی ہے کہ پورے جموں کشمیر کی آبادی کی عظیم اکثریت ہندوستان کے خلاف اُٹھ کھڑی ہوئی ہے انہوں نے صاف اس بات کا اعلان کر دیا ہے کہ ہم ہندوستانی فوجوں کو forces of occupation سمجھتے ہیں۔ ہندوستان سے assession ایک ڈھونگ تھا جسے ہم تسلیم نہیں کرتے ہمارا مستقبل ہمیں خود طے کرنے کا موقع دیا جائے۔ جناب والا! صورت حال یہ ہے ہزاروں افراد نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے زخمی ہوئے ہیں لیکن جب ہندوستان کی حکومت کے نمائندوں نے ان شہیدوں کا compensation دینے کی کوشش کی تو شہیدوں کے گھرانوں نے ہندوستان سے پیسہ لینے سے انکار کر دیا وہ بھوکے ہیں کھانے کی رسد کی جو سپلائی لائن ہے وہ رکی ہوئی ہے لیکن آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ موجودہ گورنر نے جو food supplies بھیجی ہیں مسلمانان سری نگر نے واپس بھیج دی ہیں ان کے لیے دیہات سے لوگ سبزیاں اور پھل لے کر آ رہے ہیں اور وہ اس پر گزارہ کر رہے ہیں۔ لیکن ہندوستان سے مدد لینے کو تیار نہیں۔

جناب والا! میں اس سلسلے میں چند چیزیں آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ فی الحقیقت وہاں کی جو صورت حال ہے وہ کیا ہے لنڈن ٹائمز ۲۹ جنوری ۱۹۹۰ء editorial یہ کہتا ہے

"In just a matter of weeks the crises in Kashmir has become India's priority problem. The province is in revolt, its cities are under curfew and only the Army is

[Prof. Khurshid Ahmed]

maintaining order. Comparing Kashmir with the Punjab the province which dominated the country in the 1980's it is clear that whereas the majority of Sikhs believe their grievances can be resolved within the Indian Constitution. Kashmiri Muslims are questioning the Constitution itself. Newsweek, February 5th: "The telephone services are disrupted, public telegraph offices locked and about 30 foreign journalists confined to a heavily guarded hotel in Srinagar. Yet, throughout the State the crackdown only incited increased insurgency as thousands of Kashmiris flocked to the streets. Heeding the call of the Islamic militants to lay down their lives in the name of Allah. The week's fighting claimed at least 60 lives and left hundreds of people injured. It is a mass insurgence, said a government official in New Delhi, we are facing a crises unprecedented in the history of independent India".

London Economist: "Given choice the Kashmiris would probably opt for independence or Pakistan. And during the seemingly peaceful years a group of young militants grew up unbattered by memories of war. Recently there have been killings, everyone they regarded as representing Indian officialdom."

یعنی اس معاملے میں جس رپورٹ کو بھی آپ دیکھیں آپ یہی پائیں گے اس میں سب سے دل چسپ چیز یہ ہے کہ اب فاروق عبداللہ صاحب نے بھی یہ کہا ہے یہ کلدیپ نیر کا تازہ ترین مضمون ہے جو ۱۰ فروری کے Radiance دہلی کے پرچے میں آیا ہے جس میں وہ کہتا ہے۔

"Having exploded some time back Farooq Abdullah has been lately thinking of having a plebiscite cell in his party National Conference. He has even argued only to win a point that it was his father who acceded to India, not he, and that probably explains a 24 hour vigil over the grave of Sheikh Abdullah. That also explains why the Sheikh's wife faced gruelling attack when she characterized the Kashmiris as ungrateful for having enjoyed a subsidy of nearly 500 crores a year".

جناب والا! ایک دوسرے مضمون میں یہ دلچسپ بات بھی کہی گئی ہے کہ جب شیخ عبداللہ

ہندوستان کے خلاف اٹھا تھا تو ۱۱۰۰ افراد نے اپنی جانیں دیں اور آج شیخ عبداللہ کی قبر کی حفاظت کے لیئے بھی فوج لگانی پڑ رہی ہے ورنہ لوگ اس کی ہڈیاں بھی نکال کر لے جائیں جناب والا! یہ صورت حال ہے جس سے یہ بات بالکل ثابت ہو جاتی ہے یہ popular uprising ہے پوری وادی ہندوستان کے خلاف اُٹھ کھڑی ہوئی ہے اور ہر روز وہ ولینٹر م کر رہے ہیں ہر روز وہ اپنا ووٹ دے رہے ہیں اور ہر روز وہ یہ بات ثابت کر رہے ہیں کہ وہ ہندوستان کے استبداد کے ساتھ چلنے کو تیار نہیں ہیں۔ جناب والا! اسی کے فٹ نوٹ کے ضمن میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ اس وقت ہندوستان نے یہ پروپیگنڈہ ساری دنیا میں کیا ہے کہ اس میں پاکستان کا ہاتھ ہے اور پاکستان یہ سب کچھ کروا رہا ہے اس سلسلے میں بین الاقوامی evidence کیا ہے چند چیزیں آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں مثال کے طور پر "ٹائمز" کا ۵ فروری کا شمارہ ملاحظہ ہو۔

"Pakistan denies the charge and India has yet to produce convincing evidence. Weapons taken from Kashmiri guerillas are generally inferior to arms that Pakistanis can easilly buy in bazar especially surplus equipment from Afghan war".

اس سلسلے میں دو تین رپورٹیں دوسری بھی آئی ہیں جن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ گو کلاشنکوف کلچر کی بہت باتیں ہو رہی ہیں لیکن عملاً جو اسلحہ کشمیری مجاہدین سے ہندوستان پکڑ سکا ہے اور جسے انہوں نے اپنے ٹی وی پر display کیا ہے ان میں کوئی heavy armament نہیں کلاشنکوف تک نہیں۔ mainly پستول ہیں یا بارہ بور کی بندوقیں ہیں جناب والا! "گارڈین" کا نمائندہ Derek Brown جنوری ۲۸ کی اپنی رپورٹ میں کہتا ہے

"I think the Indians were very embarassed by the way the foreign press in particular tended to discount the official line namely that the trouble is the work of handful malcontents largely supplied and inspired by Pakistan. The much more widespread view among foreign correspondents is that it is something more like a popular uprising and it does indeed have a broadbase of mass support."

[Prof. Khurshid Ahmed]

"لندن ٹائمز" ہی یہ Thames Christopher دہلی سے اپنا despatch بھیجتا ہے جو پہلی فروری کے پرچے میں شائع ہوا ہے۔

"India's portrayal of Pakistan as instigator of the Kashmir troubles ignores the fact that the separatist movement has mass indigenous support. There is no great love for Pakistan etc. etc.

اسی طریقے سے "فنانشل ٹائمز" کہتا ہے کہ

"India's claim that Pakistan has fomented the trouble and sent armed and trained insurgents across the border is unproven and unlikely to be true".

جناب والا! اس سلسلے میں جو بھی evidences ہیں وہ بالکل clear ہیں ہندوستانی پروپیگنڈے میں کوئی صداقت نہیں ہے جناب والا! اس کے ساتھ ہی میں یہ پوائنٹ بھی لینا چاہتا ہوں اور ہمیں اس طرف سے محتاط ہونا چاہیئے کہ ہندوستان جب اندرونی movement کو قابو نہ کر سکے تو وہ اس کو externalize کرنے کی کوشش کر سکتا ہے ماضی میں ایسے واقعات ہمیں تاریخ میں ملتے ہیں اور اس میں اس بات کا خطرہ ہے کہ ہندوستان اسے excuse بنا کر پاکستان پر کوئی جنگ مسلط کرنے کی کوشش کرے اس لیے میں یہ اپنا قومی فرض سمجھتا ہوں کہ جہاں یہ بات ایک حقیقت ہے کہ پاکستان کا اس میں direct involvement کوئی نہیں ہے یہ ایک خالص indigenous movement ہے جو National movement ہے جو mass uprising ہے لیکن ہندوستان اس occassion کو use کر سکتا ہے اور ہمیں اس کے لیے تیار رہنا چاہیئے گو میرا تجزیہ یہ ہے کہ ہندوستان کے لیے اس وقت جنگ مسلط کرنا آسان نہیں جیسا کہ یہ ایک حقیقت ہے کہ یہ mass uprising ہے اور اس situation میں ہندوستان کو وہ support نہیں ملے گی جو عام حالات میں کسی حملے کے لیے ضروری ہے میں بلا تمثیل یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ مشرقی پاکستان میں ۷۱ء میں جو صورت حال تھی اور پاکستان کو ایک سانحہ پیش آیا تھا۔ وہی تقریباً صورت حال ہے جو آج کشمیر میں ہے اور ان حالات میں اس کے لیے آسان نہیں ہوگا کہ وہ محاذ آرائی کا راستہ

اختیار کرے، پنجاب کا محاذ ہمارے سامنے ہے اس کے علاوہ ہندوستان میں دوسرے مقامات پر dis-contentment پائی جاتی ہے، گورکھا، میزو، نیپال کے ساتھ جس طریقے سے معاملات چل رہے ہیں سری لنکا سے۔ جس طریقے سے وہ ناکام ہو کر واپس آ رہے ہیں، ان تمام حالات میں، میں سمجھتا ہوں کہ جنگ کا خطرہ محدود ہے لیکن اس کے باوجود میں اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ اپنی حکومت کو متوجہ کروں کہ اس کو چوکس رہنا چاہیے ان کے پاس alternative strategies ہونی چاہئیں تاکہ اگر کوئی unprovoked war ہم پر مسلط کی جاتی ہے، تو ہم اس کے لیئے تیار رہیں۔

جناب والا! اس سلسلے میں ایک چیز اور بھی کہنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ بار بار یہ بات کچھ حلقوں کی طرف سے کہی گئی ہے کہ ثالثی کی طرف جایا جائے اور diplomatic circles میں، میں نے اس بات کو مختلف لوگوں سے سنا، اس لیئے میں یہ بات صاف صاف کہنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک بین الاقوامی اداروں کی involvement ہے ان سے فائدہ اٹھانا ہے Facts Finding Missions ہیں اس میں یہ کوئی مضائقہ نہیں بلکہ مفید چیز ہے لیکن ثالثی کا تجربہ ایک دفعہ آپ ریڈ کلف کے ذریعہ کر چکے ہیں اور مسلمان ایک سوراخ سے بار بار نہیں ڈسا جاتا۔

دوسری بنیادی بات یہ ہے کہ یہ کشمیر کے لوگوں کا مسئلہ ہے۔ ہندوستان اور پاکستان کون ہیں جو کسی ثالث کو مقرر کر کے ان کی قسمت کا فیصلہ کسی تیسرے فریق کے ہاتھوں میں دے رہے ہیں۔ فیصلہ صرف ایک ہی ہو سکتا ہے اور وہ ہے استصواب رائے کا۔ اس کے سوا اور کوئی راستہ نہیں ہو سکتا۔

جناب والا! اب میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ ہمیں کیا کرنا چاہیئے اور اس سلسلے میں میں سمجھتا ہوں کہ چند policy decisions ہیں جو ہمیں بلا تاخیر کر لینے چاہئیں اگر یہ policy decisions نہیں ہوتے ہیں تو پھر ہم کشمیر کے معاملے میں اپنا قومی فرض کو ادا نہیں کر سکیں گے اس میں سب سے پہلا فیصلہ یہ ہونا چاہیئے کہ ہماری خارجہ پالیسی کی top priority مسئلہ کشمیر ہو مسئلہ کشمیر کے لیئے فارن پالیسی میں ایک خصوصی unit قائم کیا

[Prof. Khurshid Ahmed]

جائے Joint Session جس کا ریزولیوشن National Council of Kashmir میں پاس کیا گیا ہے فوری طور پر قائم کی جائے National اور foreign office long period strategy ایک فوری کام کرنے کا پروگرام اور Council بنا کر آگے بڑھیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ جہاں تاریخ نے ہمیں نادر موقع دیا ہے وہاں یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اس کا فیصلہ دو چار ہفتے میں نہیں ہونے والا ہے یہ لمبی لڑائی ہے۔ اس لیے ہمیں فوری کرنے کے کام، اور لمبے عرصے میں کرنے کے کام، ان تمام کو clearly identify کر کے ان کے لیے ایک مناسب حکمت عملی طے کرنی چاہیے۔ سب سے پہلی چیز یہ ہے کہ اس کو ہم Priority No.1 دیں جس طرح ہم نے ایک وقت افغانستان کے مسئلے کو Priority No.1 قرار دیا تھا اور صحیح دیا تھا اور آج بھی ہمیں افغانستان کے مسئلہ کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے لیکن ہمیں اس وقت کشمیر کے مسئلہ کو Priority No.1 دینی چاہیے۔

جناب والا! میں مثال دینا چاہتا ہوں کہ ہندوستان کے ساتھ کسی قسم کا normalization کے میدان میں economic, cultural, literary or communication ہرگز نہ کیا جائے جب تک کہ کشمیر کا مسئلہ حل نہ ہو جائے یہ بڑی ہی غلط strategy ہے کہ کشمیر کا مسئلہ معلق رہے اور باقی معاملات میں، ان سے normalization کی بات کریں۔

جناب والا! میں تیسری چیز یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جموں اور کشمیر کی آزاد حکومت کو ہم قرار واقعی اہمیت دیں، مجھے بڑا دکھ ہوتا ہے جب میں اپنے اخبارات میں اپنے ریڈیو اور ٹی وی پر صرف آزاد کشمیر گورنمنٹ سنتا ہوں۔ میں یاد دلانا چاہتا ہوں کہ یہ گورنمنٹ محض اس علاقے کی حکومت نہیں ہے جسے liberate کرایا جا چکا ہے بلکہ اس کا اصل title تھا "Azad Government of the State of Jammu & Kashmir

جس طریقے سے فلسطین کی سٹیٹ، چاہے اس کے اوپر اسرائیل کا قبضہ ہو لیکن جو independent State پی ایل او نے قائم کی ہے وہ اس سٹیٹ کے اوپر قائم ہے

یہ پورے ملک کے بارے میں ہے یہ پوری وادی کے بارے میں ہے ہمیں اس کو اس کی حیثیت دینی چاہیے اور ہمیں کشمیر کے معاملے میں، ملک میں بھی اور ملک کے باہر بھی، اس گورنمنٹ کو آگے لانا چاہیئے اہل کشمیر کو آگے لانا چاہیئے جہاں تک ہم پاکستانیوں کا، پاکستانی delegates کو، پاکستانی parliamentarians کو، پاکستانی legates کو، intellectuals کو، اس کام پر لگائیں، یہی ہماری ضرورت ہے کہ ہم آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر دونوں کے عوام کو، اور کشمیریوں کو بھی اس میں involve کریں۔

آپ کو یاد ہوگا کہ شروع شروع میں سیکورٹی کونسل میں آزاد گورنمنٹ کے سربراہ کو بھیجا جاتا ہے، سردار ابراہیم صاحب اس زمانے میں پاکستانی delegation میں شریک ہوتے تھے لیکن اس کے بعد اس کو نظر انداز کر دیا گیا ہمیں یہ policy decision کرنا پڑے گا کہ آزاد حکومت جموں وکشمیر کو ایک high profile دیں آزاد کشمیر کی ترقی، اس کے لیے اس کو وسائل کی فراہمی، یہاں پر اچھے جمہوری نظام کا قیام، اسلامی روایات کا نظام، ان سب کی کوشش بھی کریں لیکن اس کے ساتھ تحریک آزاد کشمیر کی قیادت اور اس کے surface کا جو مقام ہے وہ ہم کشمیریوں کو دیں۔

چوتھی جناب والا! یہ ہے کہ عالمی رائے عامہ کو ہموار کرنے کے لیے پاکستان اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کرے اور اس کے لیے ایک اجتماعی اور effective پروگرام بنائے، اس کے بارے میں، میں بھی کچھ باتیں کہنے والا ہوں۔

پانچویں ضرورت اس بات کی یہ ہے کہ خود قوم کو تیار کریں، ہمارے ہاں بڑا غضب یہ ہے کہ بڑے سے بڑے خطرات آتے ہیں بڑے سے بڑے مسائل ابھرتے ہیں لیکن ہم قوم کو تیار نہیں کرتے قوم کو تیار کرنے کے معنی یہ ہیں کہ حقائق ان کو بتائیے، پارلیمنٹ کے اجلاس بار بار بلائیے، ہمیں بڑا دکھ ہوا کہ Joint Session بلایا گیا لیکن نہایت ہی عجلت میں اسے ختم کر دیا گیا، اس بات کی ضرورت ہے کہ ان چیزوں پر debate ہو لوگ اس سے educate ہوں۔ مسائل کو سمجھیں، اور پھر public opinion کو mobilize کریں اس کے بغیر آپ کوئی تبدیلی نہیں لا سکتے اس کے لیے یہ بھی ضروری ہے

[Prof. Khurshid Ahmed]

کہ لوگوں میں جذبہ جہاد پیدا کیا جائے ملک فوجی، دفاعی اور عسکری اعتبار سے، کسی بھی خطرہ کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہو including nuclear deterrence

چھٹی چیز جناب والا! یہ ہے کہ ملک میں جو اندرونی تصادم کی فضا ہے اسے درست کیا جائے مرکز اور صوبوں میں تصادم، حکومت اور پارلیمنٹ میں تصادم، یہ صورت حال crisis کا مقابلہ کرنے کے لیے صحیح نہیں ہے اسی طریقے سے ملک میں جو امن و امان کی صورت حال ہے یہ خود ہماری فارن پالیسی اور کشمیر پالیسی کے لیے خطرہ ہے اس کو top priority دینی چاہیے تاکہ ملک میں امن و امان کی کیفیت پیدا ہو۔ پھر پاکستان کے اسلامی تشخص کو ابھاریئے آپ اس بات پر گھبرا نہ جائیے کہ دشمن آپ کو Islamic fundamentalist کہتا ہے انہوں نے کبھی بھی اسلام اور مسلمانوں کو احترام کا مقام نہیں دیا ان کی دشمنی ہم سے ہمیشہ رہی ہے اور میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ رچرڈ نکسن نے، جب پہلی summit برژنیف اور رگین کے درمیان ہوئی۔ اس میں اس نے جو سبق پڑھایا تھا فارن پالیسی کے ایک آرٹیکل میں اس نے یہ بات کی تھی کہ Islamic fundamentalism ہمارا اور تمہارا مشترک دشمن ہے تو اس لیے اس پر خائف نہ ہوں، اس کے نتیجے کے طور پر آپ اپنے آپ کو متاثر نہ ہونے دیں آپ کی حقیقت اسلام ہے، آپ کی قوت اسلام ہے اور آج کشمیر میں جو جدوجہد ہو رہی ہے وہ اللہ اکبر کے سہارے پر ہے، وہ اسلام کی بنیاد پر ہے وہ جذبہ جہاد پر مبنی ہے وہ شہادت کے شوق پر ہے اس لیے اگر آپ نے ان چیزوں کو کمزور کیا اور ان چیزوں پر پردہ ڈالنے کی کوشش کی تو اس سے آپ کشمیر کے cause کو betray کریں گے۔

جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ان policy decisions کے بعد ہمیں اپنا ہدف یعنی ایک target مقرر کرنا چاہیئے، کشمیر کے معاملے میں ہمارے target کے دو حصے ہیں پہلا حصہ یہ ہے کہ اہل کشمیر کے لیے حق رائے دہی کا حصول، استصواب رائے یہ ہمارا واحد target ہے اس سے ہٹ کر کے کوئی بھی راستہ اختیار کیا جائے وہ کشمیریوں کے لیے بھی اور پاکستان کے لیے بھی سم قاتل ہے اور میں اس موقع پر صاف الفاظ میں کہنا چاہتا ہوں کہ کشمیر میں ایک آزاد ریاست کے قیام کا شوشہ جن لوگوں نے چھوڑا ہے وہ اس cause

کو نقصان پہنچا رہے ہیں اور میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ ہماری حکومت اور ہمارے foreign office کے کہیں کوئی افراد بیٹھے ہیں تو یہ عین لیں کہ ٹمکینکلی بھی یہ کوئی مفید راستہ ہے تو میں اس کی پُرزور تردید کرنا چاہتا ہوں آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ Iswami Ainger نے پہلی مرتبہ غالباً ۱۹۵۲ میں یہ بات سیکورٹی کونسل کے اندر کہی تھی کہ جب کہ سیکورٹی کونسل نے جو choice دیا ہے وہ accession with Pakistan or India اس نے اپنی تقریر میں کہا تھا کہ second option is 'independent Kashmir' third option i.e. independent Kashmir جناب والا! اگر استصواب رائے ہوتا ہے کا بھی کوئی ادارہ درمیان میں آجاتا ہے تو اس بات کا خطرہ ہے کہ ووٹ divide ہوگا اور اس کا نقصان پاکستان کو پہنچے گا۔ پھر کشمیر viable international conspiracies کا ایک hot head بن جائے گا، ہمارے سامنے صرف ایک ہی راستہ ہے اور وہ راستہ ہے استصواب رائے کا، یعنی ہندوستان نے الحاق یا پاکستان سے الحاق۔ اور آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ عام کشمیری پاکستان سے محبت کرتا ہے پاکستان کو اپنی منزل سمجھتا ہے وہ پاکستان کی خاطر جان دے رہے ہیں اور جب موقع ملا ہے انہوں نے پاکستان کے جھنڈے کو اٹھایا ہے اور ہندوستان کے جھنڈے کو جلایا ہے آپ ان کو مزید تقسیم کر دیں گے۔ آپ confuse کر دیں گے آپ پورے کے پورے معاملے کو بگاڑ دیں گے اس چیز کو سامنے لاکر کے۔ تو اس لیے میں صاف الفاظ میں کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارا target صرف ایک ہے استصواب رائے اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق جس کا نتیجہ الحاق ہے اس لیے ہمارا target ہے پاکستان سے الحاق۔ تو پاکستان سے الحاق کے target کو چاہے آپ اس وقت اس کو اچھالیئے نہیں لیکن وہ ہمارے سامنے رہنا چاہیئے استصواب اور پاکستان سے الحاق، یہ ہے ہمارا اصل اور آزاد کشمیر کا ایک ایسی ریاست کہ جو ان دونوں سے آزاد ہو یہ ہرگز ہمارے سامنے کوئی option نہیں۔

جناب والا! میری نگاہ میں جو ہماری حکمت عملی ہونی چاہیئے اس میں پہلی اہمیت ہم استصواب رائے کو دیں اور جیسا کہ ڈاکٹر محبوب الحق نے کہا اس معاملے میں ہمیں

[Prof. Khurshid Ahmed]

کوئی عملی کام بھی کرنا چاہیے documents تیار کرنے چاہئیں۔ بین الاقوامی رائے عامہ کو متاثر کرنے کے لیے کوئی material تیار کرنا چاہیے۔

دوسری چیز یہ ہے جناب والا! کہ ہندوستان کی وعدہ خلافیاں اور ہندوستان کے مظالم، خصوصیت سے جو کشمیر میں کئے جا رہے ہیں۔ انکا full documentation ہونا چاہیئے۔ پاکستانیوں کو بھی educate کیجئے اور باقی دنیا کے سامنے بھی اسکو لائیے۔

تیسری چیز یہ ہے جناب والا! کہ جمہوری دنیا کے سامنے آپ اصولِ جمہوریت کی بات کیجئے آپ اُن سے یہ بات کہیں کہ U.N. Charter کی بنیاد principle of self-determination ہے آج ہندوستان دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہونے کا دعویٰ کرتا ہے لیکن وہ جموں و کشمیر کی ریاست کے جمہوری حقوق کو پامال کر رہا ہے ہم صرف ان کے جمہوری حقوق کی بازیابی چاہتے ہیں۔ اسی طریقے سے human rights کی بنیاد پر آپ اس بات کو اُٹھائیے اور پھر اُمت مسلمہ کے مسلمانوں کو اپنے مسلمان بھائیوں کے ساتھ جب کہ وہ مظلوم ہیں ان کی آواز پر لبیک کہنا چاہیئے سیاسی، اخلاقی، مادی اور مالی اعتبار سے ان کی ہر ممکن معاونت کرنی چاہئے اور اس بات کی ضرورت ہے کہ ساری اسلامی دنیا میں کشمیر ریلیف کمیٹیز بنیں کشمیری آگے بڑھیں، پاکستانی آگے بڑھیں۔ پاکستان کو اس معاملے میں directly کوئی مدد بھیجنے کی ضرورت نہیں لیکن ساری دنیا میں کشمیری اور پاکستانی موجود ہیں اور اُمت مسلمہ کو آپ جس cause کے لیے اُٹھائیں گے mobilize کریں گے۔ انشاءاللہ وہ اس کی مدد کریں گے آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ افغانستان کے بارے میں امریکن ایڈ کا تو بہت شور و غوغا ہے لیکن حقیقی مدد جن لوگوں نے کی وہ عام مسلمان اور آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ اب دنیا میں ایک ایک بنک میں افغان فنڈ کے اکاونٹ کھلے ہوئے ہیں اور تمام افراد، گھر کی عورتیں بچے اس میں contribute کرتے ہیں اسی طرح ہمیں کشمیر ریلیف کمیٹی، ساری دنیا میں بنانی چاہیئے تاکہ مسلمان اُمتِ مسلمہ کی بنیاد پر ان کی مدد کریں۔

جناب والا! پاکستان کی سفارتی مہم کے بارے میں میری رائے یہ ہے کہ اس معاملے میں سب سے پہلی چیز یہ ہے کہ سفیروں کی ایک یا ایک سے زیادہ meetings بلائی جائیں جہاں convenient ہو۔ اسلام آباد میں بلائیے۔ یورپی ممالک کے سفیروں کو یورپ میں کسی ایک جگہ پر بلا لیجئے۔ افریقہ والوں کو کسی ایک جگہ پر بلا لیجئے لیکن سفراء کی

meetings کر کے اُن کو پورا breif کیا جائے۔ پورا پروگرام دیا جائے تمام documents دیئے جائیں اور اس طریقے سے ہمارے سفارت خانے active ہوں بلکہ میں یہاں تک کہوں گا کہ اہم سفارت خانوں میں Attache on Kashmir Affairs مقرر کیے جائیں۔ تاکہ وہ fully briefed ہوں اور وہ اس کام کو آگے بڑھا سکیں۔

دوسری چیز یہ ہے جناب والا! کہ پارلیمنٹ کے ارکان Pakistani intellectuals ادیب، علماء کشمیر کے عمائدین، ان لوگوں کے delegations ایک خاص پروگرام کے تحت دنیا کے مختلف ممالک میں بھیجے جائیں۔ تیسری چیز اسلامی ملکوں کی تنظیم کے متعلق ہے ابھی مئی میں قاہرہ میں فارن منسٹرز کا اجلاس ہو رہا ہے اگر آپ سپیشل اجلاس نہیں بھی بلا سکتے تو خصوصی لابی کا اہتمام کیجئے تاکہ مئی میں قاہرہ کا جو اجلاس ہے وہ کشمیر پر اجلاس بن جائے کشمیر delegations بھجوائیے مقبوضہ کشمیر سے لوگوں کو بھجوائیے تاکہ وہ فارن منسٹر سے ملیں۔ اس کے بعد پاکستان، ایران، اور وہ جو تمام مسلمان ممالک ہمارے ساتھ ہیں lobbying کریں اور اس طرح یہ اجلاس کشمیر کے لیے ایک سنگ میل بن جائے۔

Non Aligned Movement اور جنرل اسمبلی ان دونوں کو بھی میری نگاہ میں ہمیں اہمیت دینی چاہیئے اور اس کے لیے ابھی سے کام شروع کر دینا چاہیئے۔ سیکورٹی کونسل میں مسئلے کو لے جانے کے لیے examine کیجئے۔ لیکن کم از کم رائے عامہ کو متاثر کرنے کے لیے جنرل اسمبلی میں اُٹھانا اس کا بے حد ضروری ہے جناب والا! اسکے ساتھ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ بیرونی ممالک میں جو پاکستان کی lobbies ہیں اور جہاں جہاں lobbies نہیں ہیں وہاں lobbies مقرر کی جائیں خاص طور پر یہ کام واشنگٹن میں، لندن، جاپان اور جرمنی میں ضرور کرنا چاہیئے اور وہ ممالک جو اس وقت دنیا کے nerve centre بن چکے ہیں اور جو emerging powers ہیں وہاں پر آپ lobbies مقرر کریں اور خاص طور پر کشمیر کے مسئلے پر تاکہ وہ specialized service render کر سکیں انسانی حقوق کے جتنے بھی ادارے ہیں Amnesty International, Human rights Commission, International Court of Jurists

ان تمام اداروں میں petitions بھیجئے delegations بھیجئے بار بار ان کو مواد

[Prof. Khurshid Ahmed]

فراہم کیجیے میں اس کی بھی تائید کرتا ہوں کہ اگر ہم دنیا کی اہم شخصیات کے Fact finding commissions مقبوضہ کشمیر میں بھجوا سکیں۔ تو وہ وہاں بھی جائیں اور آزاد کشمیر میں بھی آئیں اسی طریقے سے Journalists کے بارے میں غور کریں تو یہ بھی مفید ہوں گے۔

اس کے بعد جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ پاکستان ریڈیو کو، ٹیلی ویژن کو بڑا اہم کردار ادا کرنا ہوگا ریڈیو ٹیلی ویژن کا فرض ہے کہ تحریک آزادی کشمیر پر مسلسل پروگرام لائیں اور تحریک آزادی کشمیر ۱۹۳۱ء سے شروع ہوئی ہے آج نہیں شروع ہوئی اگر اس سے پیچھے آپ نہ جائیں تو ۱۹۳۱ء سے لیکر کے آج تک کی اس پوری تاریخ کو اس کے واقعات، شخصیات کو قوم کے سامنے لے کر آئیں۔ پھر میں یہ کہوں گا جناب والا! کہ آپ مقبوضہ کشمیر کے لیے پروگرام پیش کیجیے۔ مظفر آباد کے ریڈیو کے بارے میں میرا خیال یہ ہے کہ اسکی پاور بڑھائیے اور مظفر آباد میں ٹیلی ویژن لگائیے اور دوسرا اسلام آباد ٹیلی ویژن کے لیے بوسٹر کا اہتمام کیجیے اور پھر خصوصی پروگرام جموں و کشمیر کے لئے آپ لائیں تاکہ ہم اس movement کو guide کر سکیں اور تقویت پہنچا سکیں۔

میری اگلی تجویز یہ ہے جناب والا! کہ اپنے نظام تعلیم میں کوئی تبدیلی لائیے یہ غضب ہے کہ پاکستان کے نظام تعلیم میں تحریک آزادیِ کشمیر کے تعارف کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ میری نگاہ میں ہر سطح پر سکول، کالج، یونیورسٹی، centre of excellence ان تمام مقامات پر تحریک آزادی کشمیر، مسئلہ کشمیر کو نظام تعلیم کا ایک حصّہ ہونا چاہیے دنیا کے اہم مقامات پر کشمیر سنٹرز بنائیے۔ کم از کم لندن واشنگٹن ان دونوں مقامات پر تو آپ کو top priority دے کر کشمیر سنٹر بنانے چاہئیں تاکہ پھر وہاں یہ کام کرنے کا ذریعہ بنیں۔ میں جناب والا! یہ بھی عرض کرنا چاہوں گا کہ بھارتی رائے عامہ کو بھی نظر انداز نہ کیجیے بھارتی رائے عامہ کو بھی متاثر کرنا بے حد ضروری ہے اور ہمیں یہ نہیں سمجھ لینا چاہئے کہ بھارت میں سبھی لازماً حکومت کی موجودہ پالیسی کے ہمنوا ہوں گے ابھی میری نگاہ سے ایک مضمون گزرا ہے کلدیپ نیئر کا، جس نے اس بات پر نوحہ کیا کہ ہندوستان کے intellectuals اپنے آپ کو بہت انصاف پسند اور دنیا کے ہر مظلوم کی حمایت والا قرار دیتے ہیں آج انہیں کیا ہو گیا ہے کہ کشمیر کے معاملات میں وہ خاموش ہیں وہ میں پڑھ کر سناتا ہوں۔ کلدیپ نیئر لکھتا ہے۔

"But it does not assure a just government because some of the security forces from outside Kashmir have indulged in the same type of access as they did in Punjab. Surprisingly the intellectuals who issue statement at the drop of a hat to condemn excesses in any part of India are silent when it comes to Kashmir. This is what hurts the Kashmiris the most. If they are part of same India why voluntary organizations or others do not speak out or do something when human rights are suppressed in the State and when their speical status under Article 370 is diluted time and again."

اس کی بڑی far reaching implications ہیں جناب والا! خود ہندوستان کے intellectuals کو ہندوستان کے ادیبوں کو ہندوستان کے مذہبی عناصر کو ہندوستان کے سیاسی گروہوں کو آپ address کیجیے۔ عالم اسلام سے address کروایئے تا کہ ہندوستان میں ایک لابی ایسی ابھرے جو یہ کہے کہ جمہوریت اور انسانی حقوق کی بنیاد پر کشمیریوں کو ان کا حق ملنا چاہیئے۔

پھر جناب والا! میں یہ کہنا چاہوں گا کہ خود بھارت میں جو دوسری حریت پسند تحریکیں کام کر رہی ہیں ان سے بھی رابطہ قائم کرنے کی ضرورت ہے۔

جناب چیئرمین: پروفیسر صاحب تقریباً گھنٹہ ہونے والا ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: میں پورا کر رہا ہوں جناب۔ میں ایک تجویز یہ بھی دینا چاہتا ہوں کہ کسی نہ کسی اہم بین الاقوامی مقام پر لندن میں یا واشنگٹن میں International Jurists کا اہتمام کیا جائے اور اس ریفرنس کا Reference theme, International law, International treaties and agreements یہ بنیاد کر basically ان کی کیا obligations ہیں اور ان کو پورا کرانے کے لیے کیا ذمہ داری ہے حکومتوں کی سیاسی اداروں کی اس context میں کشمیر کے مسئلے پر یہ ریفرنس منعقد کیا جائے اور اس کے لیے دنیا کے مختلف jurists کو بلایا جائے۔ اسی طرح حج کے موقع پر جو ابھی تین مہینے بعد آنے والا ہے کشمیر کے لیے کام کرنے کا خصوصی پروگرام بنایا جائے۔ عالمی ادارہ صحت — World Red Cross

[Prof. Khurshid Ahmed]

ان تمام اداروں کو بھی involve کیجیے کشمیر کے حالات میں، اس لیے کہ اگر ان تمام انٹرنیشنل اداروں کو آپ involve کریں گے۔ تب پھر آپ اسے لمبے عرصے تک sustain کر سکیں گے۔ میری نگاہ میں جیسے میں نے پہلے عرض کیا جناب والا! یہ بالکل مختصر چیز نہیں ہے بلکہ یہ لمبی لڑائی ہے اور اس لڑائی کو اسی وقت آپ سر کر سکیں گے جب ہم ہر محاذ پر ملک میں، ملک کے باہر institutions کے محاذ پر افراد کے محاذ پر اس کو face کریں۔ اس لیے اس بات کی ضرورت ہے کہ اس کے لیے ایک comprehensive پروگرام بنایا جائے اور جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا نیشنل کشمیر کونسل جس کا کہ پارلیمنٹ نے اپنے ریزولیوشن میں ذکر کیا ہے اسے جلد از جلد قائم کر کے اسی نئی strategy کو بنانے اور اسے کرنے کی ذمہ داری پوری کی جائے۔ میں کشمیر کے حالات کے بارے میں بڑا پر امید ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ ایک مسلمان، ایک انسان کی جان ضائع ہونا بھی بہت بڑا نقصان ہے لیکن آزادی اور ایمان، یہ چیزیں ہیں جن کے تحفظ کی خاطر، جان بڑی معمولی چیز بن جاتی ہے اور میں اپنی بات کو اس شعر پر ختم کرنا چاہتا ہوں کہ

؎ اگر کشمیریوں پر کوہ غم ٹوٹا تو کیا غم ہے۔
کہ خون صد ہزار انجم سے ہوتی ہے سحر پیدا۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی۔ جناب محمود احمد منٹو صاحب۔

جناب محمود احمد منٹو: جناب چیئرمین! میں شکر گزار ہوں آپ کا کہ آج مجھے بھی اس موضوع پر گفتگو کرنے کا موقع آپ نے عطا فرمایا۔ میں دل گرفتہ ہوں اور شاید میں اس طریقے سے اس بات پر گفتگو نہیں کر سکوں گا جس طریقے سے میرے فاضل اور مقرر دوست جناب پروفیسر صاحب نے اپنی پر بصیرت اور نہایت ہی عمدہ تقریر ارشاد فرمائی لیکن میں جب دیکھتا ہوں کہ جنت نظیر وادی کشمیر جو ہمیشہ سے سرسبز اور شاداب ہے اور جس کے لوگوں کے متعلق خیال تھا کہ جو بہت امن پسند، صلح جو اور بڑے کمزور ہیں آج وہ وادی انہی کے جگر گوشوں کے لہو سے سرخ ہو رہی ہے اور وہ لوگ جو اپنے آپ کو آزادی پسند اور صلح پسند اور خدا جانے کیا کیا القاب سے پکارتے اور ظاہر کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

وہ اس بات کے لیے سرگرداں ہیں کہ ان کو ہمیشہ کے لیے اپنا غلام بنا کر رکھا جائے اور ان کے خون کی ارزانی کی جائے۔

اس میں ہمیں کیا کرنا ہے۔ ہمارا رویہ کیا ہونا چاہیئے کشمیر کے متعلق، بار بار یہ کہا جاتا ہے جیسا کہ میرے فاضل دوستوں نے بات کی ہے کہ یہ مسئلہ پاکستان نے اٹھایا ہے اور پاکستان ہی اس کا محرک ہے اگرچہ ذاتی طور پر اس بات کو تسلیم کرنے میں مجھے کوئی باک نہیں کیونکہ اگر کہیں دنیا کے کسی گوشے میں اس قسم کا ظلم ہوتا ہے اس قسم کی بے انصافی ہوتی ہے اس قسم کی خون کی ارزانی ہوتی ہے تو پاکستان کا فرض ہے کہ اس کو اٹھائے لیکن یہ الزام قطعاً غلط ہے اور آپ نے دیکھا کہ اتنے برس اگر یہ سوال پاکستان نے اٹھانا ہوتا یا وہاں کوئی گڑبڑ پیدا کرنی ہوتی یا کوئی حکومت کے خلاف لوگوں کو اکسانے کی ضرورت پڑتی تو اتنے برس پاکستان خاموش نہ رہتا۔ لیکن آپ نے دیکھا ہے کہ دنیا کے حالات بدل رہے ہیں۔ وہ لوگ جو کل تک اپنی آزادی کے لیے کوئی کام نہیں کر رہے تھے کوئی movement نہیں چلا رہے تھے کوئی تحریک نہیں ابھار رہے تھے وہ لوگ آج ہتھیلی پر سر رکھ کر میدان میں اتر آئے ہیں۔ افغانستان کے لوگوں کی مجاہدانہ سرفروشانہ کوششوں سے جب دنیا نے دیکھا ہے کہ ایک بہت بڑی سپر پاور اور ruthless super power کو جب ہم افغانستان سے نکال سکتے ہیں اور اتنی لمبی اور طویل جنگ ان سے لڑ سکتے ہیں اور دوسرے لوگ بھی ہر جگہ ہر گوشہ میں اپنی آزادی کے لیے لڑ رہے ہیں فلسطین والے لڑ رہے ہیں رومانیہ والے لڑ رہے ہیں۔ غرضیکہ کون سی جگہ ہے جہاں یہ نہیں ہو سکتا ہے۔ اس سے جمہوریت پسند نوجوانوں کو جو مختلف خطوں میں ہیں جن میں ہماری وادی کشمیر بھی شامل ہے۔ یہ یقین ہو گیا کہ اگر ہم بھی اسی قسم کی movement شروع کریں گے اور اپنی جان کی پرواہ نہ کرتے ہوئے میدان میں کود پڑیں گے اگرچہ یہ ضروری نہیں ہے کہ یہ فیصلہ دس دن میں ہو یا پندرہ دن میں یا ایک مہینے میں ہو یا دو مہینے میں لیکن بالآخر اللہ کے فضل و کرم سے اس کا نتیجہ یہی نکلے گا کہ غیر ملکی تسلط جمانے والے لوگ جو کشمیر کی آزادی کو سلب کرنا چاہتے ہیں اور یہاں بزور شمشیر حکومت کرنا چاہتے ہیں وہ یہاں سے نکل کر دفان ہو جائیں گے حکومت کی طرف سے بھی یہ کہا جاتا ہے

[Mr. Mehmood Ahmed Minto]

اور عام تقریروں میں بھی لیکن ہمیں یہ نہیں کہنا چاہیئے اور یہ ہے بھی نادرست، غلط، بالکل صحیح نہیں کہ ہم نے وہاں پر movement چلائی ہے اس کے آگے یہ بات ہے کہ جب تحریک چل پڑی ہے تو اب ہمارا یہ فرض ہے کہ ہم بلاکم وکاست یہ کہہ دیں کہ ہم سو فیصد اس تحریک کے ساتھ ہیں اور اس کے لیے جو کارروائی بھی کرنی مقصود ہو یا کوئی وہاں جاکر لڑنا چاہے یا وہاں فوجیں بھیجنی پڑیں یا وہاں اسلحہ بھیجنا پڑے وہ سارے کے سارے کام ہم کرنے کے لیے تیار ہیں۔

اب میں آپ کی توجہ ہندوستان کی تقسیم کی طرف دلانا چاہتا ہوں اس وقت آپ دیکھیں گے کہ گورداس پور کا ضلع ہم کو تقسیم کے پہلے مرحلے میں مل گیا تھا یہاں تک کہ وہاں سے ہندوؤں نے ہجرت بھی کرنی شروع کر دی تھی اور ہندوستان چلے گئے تھے اگرچہ اس وقت کشمیر کا مسئلہ سامنے نہیں تھا کشمیر پر قبضہ کرنے کا کوئی مسئلہ سامنے نہیں تھا لیکن ریڈکلف نے اپنی بڑی ضرب المثل انصاف پسندی کو جیسے کہا جاتا ہے کہ انگریزوں میں بڑی انصاف پسندی ہے اور ان کا Judicial محکمہ بہت عمدہ قسم کا ہے۔ ریڈکلف بھی جج تھا لیکن اس نے اسے نظر انداز کرتے ہوئے گورداس پور کا ضلع ہندوستان کو دے دیا اس وقت بھی انگریز کے دماغ میں یہ تھا کہ گورداس پور کے ضلع سے کشمیر میں ہندوستان کی فوجیں داخل ہو سکتی ہیں۔ اس لیے یہ راستہ ہندوستان کو دے دیا جائے۔

میں یہ جانتا ہوں کہ مذہبی خیال سے کوئی حکومت بنے یا علاقہ بنے یا مذہبی لوگ بنائیں جس طرح مسلمان بناتے ہیں تو وہ بات مغربی ممالک کی سمجھ میں نہیں آتی وہ مسلمانوں کے جانی دشمن ہیں شروع سے ہی سب سے بڑے مخالف ہیں یہ کہہ کر کے کہ مذہب کے نام پر کیسے کوئی چیز بن سکتی ہے وہ ان سب لوگوں کے دشمن ہیں اور اس کو ظاہر کرنے کے لیے وہ نئے نئے نام ڈھونڈتے ہیں ایک انہوں نے fundamentalist کی اصطلاح بھی ڈھونڈی ہے کہ مسلمان اگر پکا مسلمان بن جائے یعنی خدا اور خدا کے رسولؐ پر پوری طرح ایمان رکھے اور ان کے احکام کو بجالائے تو وہ fundamentalist ہو جاتا ہے اور اگر وہ fundamentalist ہے یعنی مذہب کو مانتا ہے اور مذہب کی جزئیات کو مانتا ہے،

تو اس کے ساتھ تو ہماری کوئی بات نہیں ہو سکتی ہم یہ جانتے ہیں کہ یورپ میں امریکہ میں روس میں کسی جگہ پر بھی خدا اور خدا کے رسول کو کوئی اہمیت نہیں دی جاتی۔ مذہب کو کوئی اہمیت نہیں دی جاتی جب روس میں انقلاب آیا تو اس وقت انہوں نے کہا تھا کہ خدا کو اس دنیا سے نکالو، کون ہے خدا۔ مذہب کو بھی نکالو۔ Religion is opium of the people

یہ باتیں وہاں کہی گئیں ہم جانتے ہیں کہ اگر ان کو ہم یہ کہیں کہ چونکہ کشمیر کے لوگ مسلمان ہیں اس واسطے ہماری ہمدردیاں ان کے ساتھ ہیں تو یہ بات ان کو اپیل نہیں کرے گی اگرچہ یہ غلط بات نہیں ہے یہ بالکل درست اور صحیح بات ہے۔ لیکن اس کے باوجود میں یہ کہتا ہوں کہ اگر کسی کو fundamentalist ہونے پر گالیاں ہی نکالنی ہیں اگر اس کو وہ گالی سمجھتے ہیں تو ہم اس کو قبول کرتے ہیں ہم اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے fundamentalists ہیں fundamentalists اس sense میں کہ ہم خدا اور خدا کے رسولؐ پر ایمان رکھتے ہیں اور یقین رکھتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ یہی فلاح کا راستہ ہے دنیاوی فلاح کا بھی اور آخرت کی فلاح کا بھی ہمیں اس میں کوئی عار نہیں ہے ہم اس کے جواب میں یہ بھی کہتے ہیں کہ آپ لامذہب لادین اور کافر لوگ ہیں جو مذہب اور خدا کو کوئی اہمیت نہیں دیتے لیکن اس کے باوجود کیوں کہ ان کے ساتھ گزارہ کرنا ہے اور ان کے ہاتھ میں یہ چیزیں ہیں اس واسطے ہم diplomatic طریقے پر سیاسی رنگ میں بھی سیاسی زبان میں بھی ان سے گفتگو کرنے کے لیے تیار ہیں آج جو لوگ کہتے ہیں کہ یہ معاملہ صلح سے اور صفائی سے حل ہو جانا چاہیے ہم کہتے ہیں کہ بالکل، ہم چاہتے ہیں کہ صلح سے اور صفائی سے آرام سے گفتگو کر کے یہ فیصلہ ہو مگر کس بنا پر ہو گیا آج ان کو وہ شملہ کانفرنس اور شملہ معاہدہ---- میں اس کی بات نہیں کروں گا مگر کیا ان کو شملہ معاہدہ یاد رہتا ہے اور ان کو وہ غیر مشروط، صاف، واضح باتیں یاد نہیں رہتیں ہیں جو انہوں نے اقوام متحدہ کی اسمبلی میں جب plebiscite کے متعلق غیر مشروط طور پر جواہر لال نہرو نے کہا کہ ہم استصواب رائے کرائیں گے اور یہ معاملہ حل نہیں ہوگا سوائے plebiscite کے یعنی اس وقت بھی ہند کے دماغ میں ہندوستان کی حکومت کے دماغ میں یہ بات تھی کہ یہ معاملہ طے نہیں ہو گا۔

[Mr. Mehmood Ahmed Minto]

انصاف کا تقاضا یہی ہے کہ یہ معاملہ ان لوگوں سے استصواب رائے کرا کر حل کیا جائے جن لوگوں کی قسمت کا فیصلہ ہم کرنا چاہتے ہیں اگر غیر مبہم طور پر، واضح طور پر انہوں نے یہ بات کی اور اس پر ان کی commitment ہے اور وہ جھوٹ اور بے ایمانی اور فریب نہیں تھا تو میں آپ سے یہ عرض کرتا ہوں کہ اس سے زیادہ گفتگو کا basis اور کوئی نہیں ہو سکتا اور آج آپ کو کسی صورت میں بھی اس سے کم چیز پر اکتفا نہیں کرنا چاہیئے ہمیں یہ کہنا چاہیئے کہ آپ نے استصواب رائے کے اصول کو مانا ہوا ہے تمام اقوام متحدہ نے اس کو مانا ہوا ہے اس کے متعلق resolution پاس کیا ہوا ہے تو وہ بات آج آپ کر دیں اور اسی پر ہم کو سب سے زیادہ زور دینا چاہیئے باقی رہی یہ بات کہ اس کے متعلق کیا ذرائع استعمال ہوں اس کے متعلق اب اگر وہ شملہ معاہدے کا یہ مطلب لیتے ہیں کہ جب تک دونوں فریق اس بات پر رضامند نہیں ہو جاتے کہ آپس میں کشمیر کے متعلق گفتگو کریں تو کشمیر پر گفتگو نہیں ہو گی یہ اس کا اتنا بیہودہ اور اتنا غلط مطلب ہے جو شاید صرف جانبدار لوگ ہی نکال سکتے ہیں اور دنیا میں کوئی شخص اس کا یہ مطلب نہیں لے سکتا یہ الگ مسئلہ ہے متنازعہ مسئلہ ہے فیصلہ شدہ نہیں ہے لیکن جب ایک مسئلہ فیصل شدہ نہیں ہے اور اس کا استصواب رائے پر فیصلہ ہونا ہے تو پھر کسی حکومت کو کیا یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ یہ کہے کہ کشمیر ہمارا اٹوٹ انگ ہے خدا جانے اٹوٹ انگ کیا ہے، یہ لفظ بھی ایسا ہی ہے جو ان کے ہاں ہی استعمال ہو سکتا ہے باقی دنیا میں شاید استعمال نہیں ہو سکتا، اٹوٹ انگ کا مطلب یہ ہو گا کہ اب یہ ہمارا حصہ بن چکا ہے حالانکہ استصواب رائے کے متعلق انہوں نے کہا ہے کہ ہم تو کہتے رہیں گے ہمارا اٹوٹ انگ ہے مگر فیصلہ اس کا استصواب رائے سے ہی ہو گا یعنی

Till such time that it is decided by the plebiscite this will not be final and that is what we want now that the time has come when it will be finally put to the people in the referendum and the plebiscite.

اور ان سے پوچھا جائے، اب دیکھئے کہ کتنا ہندوستان کو advantage ملا ہوا

ہے گزشتہ چالیس برس سے یا اس سے کم و بیش وہاں انہوں نے قبضہ کیا ہوا ہے۔ وہاں اسمبلی قائم کی ہوئی ہے وہاں غدار پیدا کیے ہوئے ہیں وہاں جعفر و صادق پیدا کیے ہوئے ہیں اور پاکستان ان سے بالکل علیحدہ ہے پاکستان کا کوئی عمل دخل انہوں نے وہاں ہونے نہیں دیا لیکن ان چالیس برسوں کے اندر بھی قابل غور بات یہ ہے کہ آج تک وہ باوجود ان کے ساتھ تعلق رکھنے کے اور باوجود اس کے کہ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے ان کے بڑے بڑے کام کیے ہیں وہ کشمیر کے لوگوں کو یہ یقین نہیں دلا سکے کہ تمہیں ہندوستان میں رہنا چاہیئے۔ تم ہمارا حصہ ہو تم ہمارے ساتھ تعلق پیدا کر سکتے ہو تمہارا پاکستان کے ساتھ تعلق نہیں آج بھی وہ محسوس کرتے ہیں کہ اگر آج استصواب رائے ہو تو اکثریت کے ساتھ یہ لوگ انشاءاللہ تعالےٰ خدا کے حکم سے پاکستان کے حق میں فیصلہ دیں گے اور یہ بات اب ان کے لیے ایک سوچنے کا مقام ہے کہ جن لوگوں کے ساتھ چالیس برس تک رہ کر جن کے ساتھ عمل کر کے جن کی اپنی elections کرا کر جن میں پروپیگنڈہ کر کے اور پروپیگنڈہ بھی ایسا کہ جس میں دوسرے فریق کا عمل دخل تم نے رہنے نہیں دیا کشمیر کو پاکستان کے نزدیک نہیں جانے دیا ان کا وہاں کسی قسم کا کوئی پروپیگنڈہ نہیں ہوا تو اگر چالیس برس کے بعد بھی اور یک طرفہ کارروائی کرنے کے باوجود اگر آپ یہی سمجھتے ہیں کہ استصواب رائے کا نتیجہ یہی ہے پھر یہ بھی کہتے ہو کہ ہم نے وہاں بہت سی اسمبلیاں کرا دی ہیں اس سے بہت لوگوں کی رائے معلوم ہو گئی ہے یہی استصواب رائے تم نے کرائی ہے۔ یہ الیکشن جو تم نے حال ہی میں کرایا ہے اسی کو دیکھ لو آپ خود مانتے ہو کہ اس میں دھاندلی ہوئی اس میں بہت ساری غلطیاں ہوئیں اور اس اسمبلی کو توڑ دیا گیا اور جن لوگوں پر تم انحصار کرتے تھے کہ یہ الیکشن کر کے ہمارے حق میں فیصلہ کر چکے ہیں اسی جماعت کو تم نے توڑ کر پاش پاش کر کے پھینک دیا ہے اب وہ بے چارے کشمیری کہاں جائیں کن لوگوں کو آپ کہیں گے کہ یہ لوگ representatives of the people ہیں اب کوئی ایک معتبر آدمی بھی ان کے ساتھ کشمیر کا نہیں ۔۔۔ جعفر و صادق جو ہوتے ہیں یعنی کالی بھڑیں وہ تو شاید ہونگی وہ ہر جگہ ہیں یہاں بھی ہیں مگر ان کے علاوہ کوئی آدمی ان کے حق میں کلمہ خیر کہنے والا نہیں ہے، پاکستان کا کوئی آدمی

[Mr. Mchmood Ahmed Minto]

وہاں جاتا نہیں۔ پروپیگنڈہ نہیں کرتا ان کو مالی امداد نہیں دیتا ان کو اکساتا نہیں اور وہ پاکستان کے جھنڈے اٹھائے پھرتے ہیں اور پاکستان کے جھنڈوں کی حفاظت کرتے ہیں اور ہندوستان کے جھنڈوں کی تذلیل کرتے ہیں اور ان کو جلاتے ہیں کیوں؟ چالیس برس کی آپ کی کارروائی کے باوجود۔۔۔۔اس واسطے کہ اگر آپ یہ دلیل دیتے ہیں اور یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ لوگ دراصل پاکستان کے ساتھ ہیں یہ پاکستان گڑبڑ پیدا کرتا ہے تو اس سے کوئی انصاف پسند آدمی، کوئی ہوشمند آدمی یہ اندازہ لگالے گا کہ اگر چالیس برس میں تم ان کے ساتھ یہ تعلق پیدا نہیں کر سکے تو اب سوائے اس کے کہ تم ان کو حاکم بن جاؤ dictator بن جاؤ اور کچھ تم۔ نہیں بن سکتے۔

میں اپنی حکومت سے عرض کرتا ہوں کہ حکومت کی بہت ساری ذمہ داریاں ہیں سوچنا ہے جنگ ہو، نہ ہو، ہم اس قابل ہیں یا نہیں، کون ہماری support کرے گا کون support نہیں کرے گا یہ ہماری وزارت خارجہ والے اللہ کے فضل وکرم سے محب وطن لوگ ہیں اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ مسلمان ہیں مجھے ان کے مسلمان ہونے پر بڑا یقین ہے اور کوئی مسلمان خدا کے بھروسے کو نہیں چھوڑ سکتا وہ جو کہا گیا تھا کہ،

"مومن ہو تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی" وہ غلط نہیں کہا گیا وہ آج بھی درست ہے۔ اللہ کے فضل وکرم سے ہم نے لاہور کی لڑائی میں دیکھا تھا کہ لاہور سے لوگ سوٹے ڈنڈے اور ہاکیاں لیکر میدان جنگ میں جا پہنچے تھے۔ آج میں آپ کو یقین سے کہتا ہوں کہ میں ۸۰ برس کا بوڑھا آدمی ہوں اور اگر آج میں محسوس کروں کہ میری جان دینے سے ہاں کوئی ذرہ بھر آدھا قدم بھی ہماری movement آگے بڑھ سکتی ہے تو میں جا کر گولی کھانے کے لئے تیار ہوں اور یہ میں اپنے لیے نہیں کہہ رہا ہوں یہ تمام لوگوں کے لیے مسلمانوں کے لئے کہہ رہا ہوں اور خاص طور پر جو کشمیری میاں آباد ہیں اب آپ اور دیکھئے جس وقت کشمیر سے میاں ہجرت ہوئی اس وقت سے آپ ہسٹری کو trace کریں جو لوگ ہندو تھے وہ لوگ تو آلہ آباد اور لکھنؤ میں چلے گئے اور جو لوگ مسلمان تھے وہ آکر گوجرانوالہ سیالکوٹ اور گجرات میں آباد ہوئے اور جو آدمی کشمیر سے نکلتا ہے میں یہ بتائیں کیا ایک آدمی بھی ایسا ہے جو یہ کہے

کہ ہمیں تھوڑی بہت تکلیف ہے ہم ذرا ہندوستان کے کسی علاقے میں چلے جائیں وہ رخ کرتا ہے تو آزاد کشمیر کا۔ چونکہ آزاد کشمیر کا نام آگیا میں اپنے فرض میں کوتاہی کروں گا اگر ان مجاہدین ان سرفروشان قوم کو خراج عقیدت پیش نہ کروں جنہوں نے ڈوگرہ حکومت کو آزاد کشمیر میں شکست دے کر اپنی حکومت قائم کی اور شاید ہمارے یہ لوگ بھولتے ہیں سمجھتے نہیں ہم نے گلگت اور شمالی علاقوں میں کیسے حکومت کی وہاں بھی ہم نے ان کے جرنیل کو نکال کر پھینکا تھا پاکستان کی مدد سے نہیں پاکستان سے مدد لے کر نہیں۔ اپنی قوت سے جو لوگ یہاں کشمیر کے بیٹھے ہوئے تھے اور Northern areas کے انہوں نے ان کو کہا نکلو یہاں سے اور وہ لوگ نکلنے پر مجبور ہو گئے اس جنگ میں پنڈی اور اسلام آباد کے جتنے لوگ ہیں انہوں نے حتی المقدور اس میں حصہ لیا اور ہم وہاں گئے تھے اور آج میں آپ کو یقین دلاتا ہوں اللہ بچائے لیکن اگر وہ صورت پھر پیدا ہو جائے تو کئی لوگ کہتے رہیں کہ فلاں نہیں کرنا چاہیے یہ بڑا فلاں ہے ہمارے ہندوستان کے ایک وکیل جنہوں نے Joint Session میں تقریر کی تھی جناب خان صاحب ولی خان صاحب فرزند ارجمند جناب عبدالغفار خان صاحب انہوں نے ہندوستان کی وکالت کی تھی میں آج یہ کہتا ہوں کہ اس قسم کی بزدلانہ باتیں پاکستان کے مسلمانوں کو سکھانے کی جسارت مت کرو آپ نے ساری عمر ہندوستان کا نمک کھایا ہے آپ کے والد صاحب بھی وہاں سے بڑے بڑے میڈل لے کر آئے اور بڑے بڑے روپے کی تھیلیاں لیکر آئے لیکن یہ آپ ہی کو مبارک ہوں پاکستان کا کوئی مسلمان اس کے متعلق سوچ بھی نہیں سکتا۔ لینے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ سوچ بھی نہیں سکتا۔

میں آپ کو آج کہتا ہوں کہ یہ ڈرانے والی باتیں ہیں کہ فلاں ہم سے ناراض ہو جائے گا فلاں ہمارے حق میں ہو جائے گا ہم جانتے ہیں کہ ہماری مشکلات کیا ہیں جب میں نے یہ عرض کر دیا کہ partition کے وقت بھی انہوں نے جان بوجھ کر ہمارا گورداسپور کا ضلع ان کو دے دیا اس خیال سے کہ یہاں سے کشمیر جانے کا راستہ ان کو مل جائے گا۔ اب ہندوستان تو بہت بڑی مملکت ہے اور وہ اپنے آپ کو جمہوریت کا قلعہ سمجھتے ہیں حالانکہ حالت یہ ہے کہ کوئی ایک صوبہ بھی ایسا نہیں ہے جس میں مرکزی حکومت کے خلاف بغاوت نہیں ہوئی ہے اور یہ بغاوت اللہ کے فضل و کرم سے دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔

[Mr. Mchmood Ahmed Minto]

اور بڑھتی جائے گی اور ہندوستان کا قلع قمع کر دے گی آج ہم جو یہاں روتے ہیں۔ اس وقت بھی وفاقی حکومت اور صوبائی حکومت میں تم نے جو اختلافات ڈالے ہوئے ہیں وفاقی حکومت کو بلا مارو صوبائی حکومت کو بھی بلا مارو۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ لوگوں کے درمیان یہ بات پیدا نہ کرو۔ ایسی بات پیدا نہ کرو کہ پنجاب کے لوگ یہ سمجھیں کہ ایک خاص قسم کی حکومت وہاں اوپر آ کر بیٹھ گئی ہے جو پنجابیوں کا گلا گھونٹ رہی ہے وفاقی حکومت والے وفاقی لوگوں کو یہ تاثر نہ دیں کہ پنجابی تم کو کھا گئے میں خدا کا خوف کرو اور جتنی جلدی ممکن ہو اس کو مسلمانوں کی طرح خدا کے بندوں کی طرح سوچو اور اپنے ملک کو مستحکم کرو۔ اپنے ملک کو مضبوط کرو اور ملک کا استحکام کسی امریکہ کسی انگلستان کی رائے لینے سے یا ان کو خوش کرنے سے زیادہ اہم ہے جب ہم نے ایک دفعہ یہ پاس کیا اور محترمہ وزیر اعظم صاحبہ نے ہم کو کہا کہ ایک ایسی فضا پیدا کرو کشمیر کے متعلق جناب وزیر خارجہ صاحب نے کہا کہ ایسی فضا پیدا کرو ہم نے ایک سکیڈ کے لیے تامل نہیں کیا ہم نے کہا کہ ہمارا کچھ فائدہ ہو ہمارا کچھ نقصان ہو ہماری زبانیں گنگ ہو جائیں گی کسی چیز کے متعلق کسی point of difference کے متعلق ہم بات نہیں کریں گے اور نہ کی ہے۔

اب دنیا کے لوگوں نے دیکھ لیا ہے کہ کشمیر کے معاملے میں پاکستان کے لوگ خواہ ان کی حکومت پیپلز پارٹی کی ہو یا کسی اور کی ہو وہ اپنی ان باتوں کو جو گھر کی باتیں ہیں جو گھر کے اختلافات ہیں ان کو پس انداز کر دیں گے ان کو پیچھے ڈال کر کشمیر کے معاملے میں ایک ہیں۔ اب دل تو یہی چاہتا تھا کہ یہ فضا جو قائم ہوئی ہے اس کو ذرا پھیلا دیا جائے یہ جو ہم نے کشمیر کے متعلق آپس میں ہم آہنگی اختیار کی ہے اور متفقہ رائے قائم کی ہے اس کو ایک قدم آگے لے جایا جائے اور گھر کے معاملوں میں بھی اس فراخدلی سے اسی حوصلے سے اپنی ذاتی منفعت کو پیچھے ڈال کر یہ چوروں اور ڈاکوؤں کو اسی ملک سے بدر کر کے ان کو فائدہ پہنچا کر نہیں ان کو جیلوں سے نکال کر کے نہیں اگر یہ فضا ذرا سی قائم کر دی جائے تو انشاء اللہ العزیز اس ملک کے متعلق یہ مشہور ہوگا نہ صرف یہ کہ یہ کشمیر کے معاملے میں آپس میں ایک ہیں جہاں تک پاکستان کی سالمیت کا سوال ہے یہ آپس میں ہم آہنگ ہیں آپس میں اکٹھے ہیں میں مختصر سی یہ بات کہنے کے بعد حکومت سے یہ اپیل کروں گا کہ اس کے متعلق حوصلہ مند رہیے اللہ پر بھروسہ رکھیے اللہ ہر چیز پہ قادر ہے اگر اس کو منظور ہے کہ کشمیر کا

فیصلہ پاکستان کے ساتھ الحاق میں ہو یعنی پاکستان کے حق میں ہو جائے تو انشاءاللہ العزیز ایک ملک نہیں ۲۰ ملک بھی مل جائیں تو اس کو نہیں روک سکتے اور اگر ایسا ہوا تو ہم کسی سے شکست کھانے والے یا کسی سے پسپا ہو جانے والے نہیں۔ افغانستان میں آپ نے دیکھ لیا روس نے کہ آٹھ برس میں کچھ کر نہیں سکا اور ہندوستان غریب بیچارہ آکر کیا کرے گا اس لئے جہاں آپ کو یہاں تشویش ہو رہی ہے کہ کیا ہو جائے گا میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہندوستان میں اس سے تین گنا زیادہ تشویش ہے اور تین گنا زیادہ اضطراب ہے کہ اگر کہیں پاکستان سے جنگ چھڑ گئی تو کیا ہوگا اس واسطے ان چھوٹی چھوٹی باتوں سے قطع نظر آپ باہم متفق ہو جائیں آپ اتحاد کریں اپنے اندر عمدہ فضا پیدا کریں اور کشمیر کے ایشو پر ڈٹ کر چٹان کی طرح کھڑے ہو جائیں۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: جناب آصف فصیح الدین وردگ۔

جناب آصف فصیح الدین وردگ: جناب والا! میں کشمیر کی تاریخ یا پاکستان اور ہندوستان کی تاریخ کے مسئلے میں جو dispute ہے۔ اس میں نہیں جاؤں گا میں صرف یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ اب پاکستان کو کیا کرنا چاہیئے ہمیں کیا کرنا چاہیئے تاکہ ہم صحیح طور پر کشمیری عوام جن کی قربانیاں تاریخی اور مثالی ہیں کی بھرپور مدد کر سکیں اس مرحلہ پر وہ میدان عمل میں نکل چکے ہیں حالانکہ اس سے پہلے وہ کبھی اس طرح باہر نہیں نکلے تھے ہمیں ایسا لائحہ عمل اختیار کرنا چاہیئے جس سے ہم ان کی قربانیوں کی اور پاکستانی عوام کی امنگوں کی صحیح طور پر ترجمانی کر سکیں اور اپنی کوششوں سے ان نتائج کو حل کر سکیں جن کے لیے یہ قربانیاں دی جا رہی ہیں۔

[At this stage the chair was vacated by the Chairman which was occupied by the Deputy Chairman (Syed Mohammad Fazal Agha]

جناب ڈپٹی چیئرمین صاحب! میں سمجھتا ہوں کہ سب سے پہلے ایک diplomatic offensive launch کرنے کی ضرورت ہے صرف اتنا ہی کافی نہیں ہے جیسے کہ ہمارے وزیر خارجہ صاحب نے فرمایا کہ ہم high moral ground پر ہیں ہمیں اس پر اکتفا نہیں کرنا چاہیئے کہ ہندوستان low moral ground پر ہے اس لیئے ہمیں کچھ کرنے کی ضرورت نہیں اگر ہم high moral ground پر ہیں تو ہم یہ جائیں گے کہ ہماری حکومت، ہماری وزارت خارجہ ہماری اپوزیشن مل کر یہ کام کریں اپوزیشن نے اسی لیئے حکومت کو مکمل تعاون کی پیش کش کی ہے۔

[Mr. Asif Fasihuddin Vardag]

حکومت کو چاہیئے کہ ساری قوم کی لیڈر شپ کو استعمال کرے اور ایک بہت بڑا diplomatic offensive launch کرے جس سے پوری دنیا کو کشمیر کے اصل مسئلہ سے آگاہی حاصل ہو سکے جیسے کہ خود وزیر خارجہ نے فرمایا ہے کہ ایک dead issue کو alive کرنا بہت مشکل ہوتا ہے اب جس طرح اس issue کو کشمیریوں کے خون نے زندہ کیا ہے، ہمیں بھی چاہیئے کہ اس مسئلہ پر دنیا کے ضمیر کو جھنجوڑیں اور اس کے لیے اپنے تمام تر مراسم اور تعلقات استعمال کریں ہم جو diplomatic offensive مشترکہ طور پر باہم مل کر launch کریں گے اس سے بیرونی دنیا میں کشمیری عوام کے لیے ہمدردی کے جذبات پیدا ہونگے ہم اپنے مؤقف کی وضاحت کریں گے اور اس موقف کی حمایت دنیا سے حاصل کریں گے ہمیں چاہیے کہ اس مسئلہ میں خصوصی طور پر Non Alligned Movement, SAARC countries, Third World, Latin America, Muslim world اور internationally دنیا کے تمام ممالک کی ممکن مدد اور تعاون حاصل کریں اس سلسلے میں ہمیں دنیا کے conscience کو جھنجوڑنا چاہیئے اور اس وقت کشمیری عوام پر جو سختیاں کی جارہی ہیں جو زیادتیاں کی جارہی ہیں وہاں جو ایک reign of terror کی فضا قائم کی جارہی ہے ان سب سختیوں کو کم کرنے کے لیے بین الاقوامی سطح پر جتنے ادارے ہیں ان سے رابطہ قائم کرنا چاہیے اور ان کو اس معاملہ میں involve کرنا چاہیئے اس سلسلے میں میری تجویز ہے کہ دنیا میں جتنی بھی Human Rights Associations ہیں UNO کا Human Rights کا جو ادارہ ہے Amnesty International اور ریڈ کراس جیسے اداروں کو میدان عمل میں لایا جائے اپنی کوششوں سے۔ ریڈ کراس اور ریڈ کریسنٹ جیسے اداروں کو کشمیری عوام پر جو ظلم ڈھائے جارہے ہیں ان سے آگاہ کیا جائے تاکہ وہاں وہ زخمی کشمیری عوام کی مدد کر سکیں، ان کو طبی امداد فراہم کر سکیں۔

اس کے علاوہ میں سمجھتا ہوں کہ آزاد کشمیر میں ہمیں اپنے T.V. Net Work کو مزید آگے بڑھانا چاہیئے۔ آزاد کشمیر میں ٹی۔ وی بوسٹرز قائم کیے جائیں تاکہ وہاں کے کشمیری عوام تک پاکستانی عوام کے جذبات اور حکومت کی کارگردگی کو پہنچایا جا سکے۔

یہ بہت ضروری ہے تاکہ ان کے حوصلے مزید بلند کیے جا سکیں، میں یہ سمجھتا ہوں کہ جتنا پاکستان میں قوم کو mobilize کیا جائے گا اتنا ہی کشمیری عوام سمجھیں گے کہ دنیا میں ہمارا کوئی ساتھی ہے، ہمارے کوئی بھائی ہیں اور ہمارے کوئی مددگار ہیں اور ایسے لوگ بھی ہیں جن کو ہماری تکلیف کا احساس ہے، اس بات کو جتنا mobilize کیا جائے گا اتنا ہی یہ اس struggle کے لیے سودمند ہوگا۔ اس mobilization کے لیے یہ کوشش ہونی چاہیئے کہ یہ کسی طریقے سے channellize ہو، جس طرح کہ ایک مرتبہ ذوالفقار علی بھٹو نے کیا جب ہندوستان نے مقبوضہ کشمیر کو اپنے آئین میں، آئینی حیثیت دی اور اس پر جناب ذوالفقار علی بھٹو نے ایک روزہ ہڑتال کر کے لوگوں کے جذبات کو channellize کیا تاکہ لوگ کسی اور قسم کا protest نہ کریں۔ اس قسم کے حربے استعمال کرنے کی بجائے ہمیں چاہیئے کہ قوم کو پوری کوشش سے mobilize کریں چاہے حکومت کی لیڈرشپ ہو یا اپوزیشن کی لیڈرشپ ہو اسے چاہیئے کہ وہ قوم کو mobilize کرے اور یہ mobilization دنیا کو نظر آئے تاکہ یہ mobilization آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر کے عوام کو نظر آئے جس سے دونوں کا حوصلہ بلند ہو۔

جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں ڈرایا جاتا ہے کہ اگر ہم نے کشمیری عوام کی، اپنے بھائیوں کی مدد کی تو ہو سکتا ہے کہ ہم پر جنگ مسلط کر دی جائے اس کے علاوہ ہمیں یہ بھی بتایا جاتا ہے اور ہمیں guerrilla warfare یا insurgency کی سائنس بھی بتاتی ہے کہ کسی جگہ یا جہاں بھی insurgency ہو، اس کے لیے اگر باہر کوئی host country نہ ہو، کوئی ایسی جگہ نہ ہو جہاں لوگ پناہ حاصل کر سکیں جہاں لوگ trained ہو سکیں، جہاں لوگ اپنے آپ کو reorganize کر سکیں، جہاں سے ان کی مالی، یا material امداد نہ ہو سکے تو اس وقت تک کبھی بھی insurgency کامیاب نہیں ہوتی ہے، میں یہ نہیں کہتا کہ ہم ان activities میں حصہ لیں، میں یہ کہتا ہوں کہ ہندوستان ہم پر یہ charge لگا رہا ہے کہ ہم یہ تمام کام کر رہے ہیں اور یہ charge کیوں لگا رہا ہے یہ وہ بھی جانتا ہے کہ یہ charge جھوٹا ہے لگا صرف اس لئے رہا ہے وہ اپنے لئے ایک option کھول رہا ہے ایک راستہ کھول رہا ہے کہ اگر پاکستان پر جنگ مسلط کرنے کی

[Mr. Asif Fasihuddin Vardag]

ضرورت پڑے اگر کشمیر کے معاملات ان سے نہ سنبھالے جا سکیں تو اس کے لئے پہلے سے ایک جواز قائم کر لیا جائے اگر ایسی صورت ہے تو اس کا مطلب ہے کہ امکانات یہ بھی ہو سکتے ہیں کہ پاکستان پر جنگ مسلط کی جائے چاہے ہمارے وزیر خارجہ بڑے پھونک پھونک کر قدم اٹھائیں، چاہے ہمارے وزیر خارجہ ان activities کے ماسٹر بنیں، چاہے ہماری حکومت ہندوستان کو سپیشل ایلچی بھیج بھیج کر یہ بتا رہی ہو کہ ہم کچھ نہیں کریں گے یہ تو کچھ ملا لوگ ہیں اور کچھ یہ اسلامی طرز فکر کے لوگ ہیں جنہوں نے واویلا کیا ہوا ہے ان کی ہمیں اشک شوئی کرنی پڑتی ہے کچھ نہ کچھ ہمیں کر کے دکھانا پڑتا ہے اس کے باوجود بھی یہ خود فرماتے ہیں کہ جنگ کے امکانات ہو سکتے ہیں اور ایک strategic war یا offensive ہو سکتی ہے تو پھر میں ان سے پوچھتا ہوں کہ انہوں نے اس امکان کو سامنے رکھ کر قوم کو کس طرح سے تیار کیا ہے کیا انہوں نے بہت بڑے پیمانے پر سول ڈیفنس ٹریننگ شروع کی ہے کیا انہوں نے ایسی ٹریننگ شروع کی ہے۔ جیسی ۱۹۶۵ کی جنگ میں، انٹی ائیر کرافٹ کی ٹریننگ دی گئی تھی کیا انہوں نے مجاہد بٹالین یا رضا کار بٹالین قائم کی ہیں۔ کیا انہوں نے لوگوں کو اس چیز کے لیے ذہنی طور پر تیار کیا ہے کیا انہوں نے قومی یک جہتی جو ایک عرصہ کے بعد ظہور پذیر ہوئی، اس کو مزید بڑھانے کی کوشش کی ہے کیا انہوں نے جنگ کے امکانات کو سامنے رکھتے ہوئے اپنے دوست اور ممکنہ حلیف ممالک سے گفت و شنید شروع کی ہے۔ اگر ایسا نہیں کیا اور ہمیں نظر آتا ہے کہ نہیں کیا اور نہ آج تک ہمیں کسی نے بتایا joint session میں بھی جو ایک sham تھا اس میں بھی نہیں ہمیں بتایا کہ یہ اس قسم کی کوئی کارروائی کر رہے ہیں۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اب یہ وقت ہے فوری طور پر یہ کارروائی کی جائے اور قومی یک جہتی کو آگے بڑھایا جائے اور قوم کو mobilize کیا جائے اس امکان کے لیے، ہو سکتا ہے کہ ہندوستان ہم پر جنگ مسلط کرے کیونکہ وہ اس کے لیے پیش بندی کر رہا ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ وہ مرحلہ ہے جب ہم ایک شرمناک agreement جو ہندوستان کے ساتھ ہوا جو پاکستان کے مفاد کے عین مخالفت میں ہوا اور جو پاکستان کے مفاد کے ساتھ غداری کرتے ہوئے کیا گیا جس سے

میری مراد شملہ معاہدہ ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ وہ وقت ہے کہ ہم اس معاہدے کو جو under duress ہوا ہے اور جو بھی معاہدہ under duress ہوتا ہے تاریخ میں کبھی دیرپا نہیں ہوتا میں سمجھتا ہوں کہ اس معاہدے سے جان چھڑائیں۔ وہ معاہدہ جس میں سنیر فائٹر لائن کو کنٹرول لائن کر دیا گیا اور ہمارے لیے ایک international law کے تحت دشواری پیدا کی گئی جس میں یہ کہا گیا کہ کوئی international agency کسی international body کے پاس کسی third power کے پاس، کسی دوست ملک کے پاس کسی NAM کے ممبر ملک کے پاس کسی اور باڈی کے پاس کشمیر issue کو نہیں لے جا سکتے بلکہ ہم کوشش کریں گے کہ باہمی تعاون اور مشاورت سے طے کریں جس کے متعلق ہمارے وزیر خارجہ صاحب فرماتے ہیں کہ کوئی ہمارے راستے میں رکاوٹ نہیں کہ ہم اسکو UNO میں لے جا سکیں۔ میں بہت خوش ہوں گا اگر واقعی اس قسم کی کوئی رکاوٹ نہ ہو۔ لیکن بظاہر جب ہم اس شملہ سمجھوتے کو پڑھتے ہیں جس میں یہاں تک لکھا ہے کہ ہم اپنے تمام disputes آپس میں باہمی مشاورت سے طے کریں گے اور ہم ایک دوسرے کے علاقے میں کسی قسم کی مداخلت نہیں کریں گے پروپیگنڈہ نہیں کریں گے کسی طرح ہم ان لوگوں کے حق میں آواز بلند نہیں کریں گے۔ ہم جنوبی افریقہ میں نسل پرستی کو internationally condemn کر سکتے ہیں۔ لیکن ہندوستان میں condemn نہیں کر سکتے اس agreement کے تحت جو زیادتیاں وہ کشمیری عوام کے ساتھ کر رہے ہیں agreement ہمیں یہ بات ان پر واضح کر دینی چاہیے کہ چونکہ ہندوستان نے اس conference table کے بعد آج تک باوجود ہماری کوششوں کے کبھی کشمیر کو discuss نہیں کیا۔ کیونکہ ہندوستان نے اس agreement کے بعد جس میں یہ کہا گیا تھا کہ جو positions ہیں انکو تبدیل نہیں کیا جائے گا صرف باہمی مشاورت سے معاملات کو آگے بڑھایا جائے گا انہوں نے اس کے باوجود اس انگیجمنٹ کی violation میں وہاں کی آئینی پوزیشن کو تبدیل کرنے کی کوشش کی چونکہ انہوں نے یہ بار بار کہا کہ کشمیر dispute کوئی dispute نہیں رہا۔ چونکہ انہوں نے یہ کہا کہ اب plebiscite کی کوئی ضرورت نہیں رہی اور چونکہ انہوں نے خود اس issue کو بقول ہمارے فارن منسٹر صاحب ا سے internationalize کیا ان تمام حرکات سے انہوں نے شملہ سمجھوتہ کی خلاف

[Mr. Asif Fasihuddin Vardag]

درزی کی ہے اور شملہ سمجھوتہ کو انہوں نے ایک روی کے پُرزے کے طور پہ تصور کیا ہے اگر یہ بات درست ہے تو پھر میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں واضح طور پر یہ declare کر دینا چاہیے کہ شملہ سمجھوتہ ایک dead accord ہے جس کے پرخچے ہندوستان نے خود اُڑائے ہیں اور میں سمجھتا ہوں اور ہمیں یہ چاہیئے کہ اب اس سے آگے بڑھیں اور ہمیں کنٹرول لائن کو سیز فائر لائن تصور کرتے ہوئے شملہ accord کے نہ ہوتے ہوئے جو پوزیشن تھی یعنی جو اس واقعہ سے پہلے پوزیشن تھی اس پوزیشن پر اپنے آپ کو تصور کرتے ہوئے اپنے معاملات کو آگے بڑھانا چاہیئے۔

اگر آج ہندوستان راضی ہوتا ہے کہ اس مسئلہ کو باہمی مشاورت سے طے کر لیا جائے تو ہمیں کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔ لیکن اگر اس کا مقصد صرف یہ ہے کہ کشمیر کے ایشو کو دوبارہ سرد خانے میں ڈال دیا جائے جیسے پہلے ڈالا گیا تھا تو پھر میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری بہت بڑی strategic blunder ہوگی کہ ہم ان باتوں میں آجائیں۔ نیز دنیا کے ممالک کی رائے کو اپنے حق میں ہموار کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے اس وقت سب سے بڑا بوجھ ہمارے فارن آفس پر ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ انگریزی مقولے کے مطابق Too little too late. پر عمل پیرا ہیں اور ایک عرصہ تو وہ بالکل ہی چپ رہے ہندوستان کے آگے بالکل apologetic رہے کہ بھائی ہم یہ نہیں کر رہے وہ نہیں کر رہے اور یہ حالات ایسے ہیں ہم کیا کریں اور آپ بُرا نہ منائیں ہم تو شملہ سمجھوتہ کو سامنے رکھ کر ہی چل رہے ہیں کوئی ہم غلط بات نہیں کر رہے اس apologetic attitude سے نکل کر ہمیں ایک aggressive foreign policy کو اختیار کرنا چاہیئے۔

ہمیں جنگ سے ڈرایا جاتا ہے میں سمجھتا ہوں کہ آج کے حالات میں شاید جنگ سے ہندوستان کو ڈرنا چاہیئے ہمیں نہیں۔ کشمیر پہ جب بھی جنگ ہوئی اور ہمیں لوگ بتاتے ہیں کہ ہم ہارے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایسے نہیں ہوا۔ کشمیر پہ جنگ ہوئی جسے کرنل حسن نے Northern areas کو گلگت اور بلتستان کو liberate کیا جس سے آزاد کشمیر liberate ہوا جس سے ہم نے پونچھ اڑی سیکٹر میں مکمل پیش قدمی کی اور شاید دنیا کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایک winning general کو جب وہ آگے بڑھ

رہا ہو اسے withdraw کیا گیا اور دو بٹالین جس کی کمک اس کو پہنچنی تھی وہ پہنچائی نہیں گئی اور ایک position adopt کی گئی جس سے ہم ایک جگہ پر مرکوز ہو کر رہ گئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ deliberately کیا گیا اور اس امید پر کیا گیا کہ شاید ہم یہاں تک پہنچیں تو international boundary- ہندوستان cross نہیں کرے گا اور شاید پاکستان ۱۹۶۵ کی جنگ سے بچ جائے گا یہ اس وقت میرے خیال سے اس strategy سے کیا گیا میں سمجھتا ہوں کہ آج آپ کی سب سے بڑی قوت جو ہے اور ہندوستان کی سب سے بڑی کمزوری جو ہے وہ کشمیری عوام ہیں جو ہمارے فارن منسٹر صاحب ہیں یہ جنرل بھی ہیں اور پڑھے لکھے آدمی ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی سمجھتے ہونگے۔ کہ کشمیر ہندوستان کے لیے strategically indefensible ہے اگر ایسی بات ہے اور کشمیر کے عوام آپکے ساتھ ہیں تو کشمیر آج ہندوستان کے لیے اور بھی indefensible ہو گیا ہے اس سلسلے میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں جنگ سے نہیں ڈرنا چاہیئے اگر خدانخواستہ ہم پہ جنگ مسلط کی گئی اور ہم نے اُس سے پہلے قومی یکجہتی قائم کر لی اور قوم کو ذہنی طور پہ جنگ کے لیے تیار کر لیا تو کشمیر انشاءاللہ پاکستان کے ساتھ ہوگا اور یہ جنگ کشمیر میں پاکستان کے حق میں جیتی جائے گی باقی بات رہتی ہے concentrate کی کہ ہندوستان شاید کشمیر پہ international boundaries. نہ کرے یا اسی پہ اکتفا نہ کرے بلکہ frontiers کو cross کرنے کی کوشش کرے وہاں بھی ایک بات بہت واضح ہے آج اور پہلے میں بہت فرق ہے پہلے ہندوستان کی افواج کی ریڑھ کی ہڈی سکھ قوم تھی آج سکھ قوم خود اس نتیجے پر پہنچی ہے کہ وہ ہندوستان کے ساتھ نہیں چل سکتی۔ اور مجموعی طور پر سکھ قوم کا یہ فیصلہ ہے کہ وہ ہندوستان کا ساتھ نہیں دے گی وہ ہندوستان میں رہنا نہیں چاہتی اور نہ ہی چل سکتی ہے اور سب سے زیادہ sensitive border پنجاب کا بارڈر ہے اس صورت میں، میں سمجھتا ہوں کہ اگر پاکستانی افواج ہندوستانی پنجاب کے کسی حصّے میں آگے بڑھی تو وہاں لازماً خالصستان بن کر رہے گا اس کا مطلب یہ ہے کہ ہندوستان کو یہ سوچنا پڑے گا کہ اگر جنگ پاکستان پر مسلط کی گئی تو یہ بھی امکان ہو سکتا ہے کہ اس کو اپنے پنجاب سے ہاتھ دھونا پڑیں۔

[Mr. Asif Fasihuddin Vardag]

اس کے علاوہ ایک اور چیز ہے جو پہلے ہمیں available نہیں تھی گو ہمارے افغانستان میں، ۱۹۸۸ میں جو جہاد کشمیر تھی اس میں افغانستان کے تمام علماء نے اور فرنٹیئر کے تمام علماء نے جہاد کا اعلان کر دیا تھا گو کہ ۱۹۶۵ کی جنگ میں افغان حکومت نے باوجود پاکستان کے ساتھ مشکلات کے، اور فرنٹیئر کے قبائل نے پاکستان کے ساتھ انتظامی مشکلات کے باوجود پاکستان کا ساتھ دینے کا فیصلہ کیا جس سے ہم اپنے مغربی محاذ کو اپنے فوجی دستوں سے خالی کر سکے اور ان کو ہم Eastern front پر استعمال کر سکے آج یہ situation ہے کہ ہمارے لئے element possible difficulty cause کر سکتا ہے وہ تو شہروں میں مقید ہے۔ وہ under siege ہے مختلف cities میں وہ کسی ایک siege کو ہمارے Western front پر آج تک توڑ نہیں سکا میرا مقصد ہے کہ کابل کی regime کسی ایک siege siege کو ابھی تک توڑ نہیں سکی وہ تو اپنے اپنے شہروں میں اپنی بقا کی جنگ لڑ رہے ہیں اپنی regime کی بقا کی جنگ لڑ رہے ہیں کسی صورت میں اس معاملے میں وہ ہمارے خلاف کوئی اقدام نہیں کر سکتے سوائے sabotage کے جو اب بھی کرائے کے لوگوں سے وہ کراتے ہیں اس کے برعکس جو افغان مجاہدین ہیں جن کے پاس تقریباً ۸۲ فیصد افغانستان کا رقبہ ہے اور پاکستان میں جن کی تنظیمیں قائم ہیں وہ اس مرتبہ ہمارے ساتھ actively کام کر سکتے ہیں اور نہ صرف یہ کہ ہم اپنے troops کو Western front سے ہٹا سکتے ہیں بلکہ ہم، میرے اندازے کے مطابق اور ایک stage پر گلبدین حکمت یار نے یہ اعلان بھی کیا تھا اس مرحلے پر نہیں، پہلے جب ہندوستان کے ساتھ معاملات کشیدہ ہو گئے تھے کہ وہ پانچ لاکھ افغان مجاہدین کو volunteer کرا سکتے ہیں اگر کبھی ہندوستان ہم پر جنگ مسلط کرے تو ہمارے دفاع کے لیے وہ تعداد میں اتنے ہوں یا کم ہوں ضرور لڑیں گے یہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہے کہ افغان پاکستانیوں کے شانہ بشانہ پاکستان کے دفاع کے لیے لڑنے کے لیے تیار ہو سکتے ہیں اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں بہت زیادہ ڈرانے کی ضرورت نہیں اور نہ ہمیں بہت زیادہ ڈرنے کی ضرورت ہے۔

میں حکومت سے بھی یہی کہوں گا کہ آپ کو اتنا زیادہ ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے آپ

اپنے معاملات کشمیریوں کی امداد میں اور کشمیریوں کی حمایت میں مکمل طور پر چلائیں یہ میں نہیں کہتا کہ آپ جنگ چھیڑیں یہ میں نہیں کہتا کہ آپ ایسے اقدامات کریں کہ لامحالہ جس کا نتیجہ جنگ ہو لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اپنے آپ کو تیار رکھتے ہوئے اور تمام باتوں کو سامنے رکھتے ہوئے ایک دلیرانہ طریقے سے اپنی aggressive foreign policy چلائیں میرے خیال میں اس وقت حکومت پاکستان ایسا نہیں کر رہی۔ حکومت پاکستان صرف پاکستانی عوام کا جو دباؤ ہے اس کے جواب میں اقدامات کر رہی ہے تاکہ یہ دباؤ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ کشمیر کے حق میں دباؤ حکومت کے برخلاف دباؤ میں تبدیل ہو جائے اس لیے وہ چند اقدامات ظاہر داری کے لیے کرتی چلی جا رہی ہے میں سمجھتا ہوں کہ اگر ایسی بات بھی ہے میں اپوزیشن کے نقطہ نگاہ سے بات کر رہا ہوں اگر ایسی بات بھی ہے تو قوم کو چاہیئے کہ اس دباؤ کو برقرار رکھے بلکہ بڑھائے تاکہ ہماری جو حکومت وقت ہے ہمارے اس اہم مسئلے سے نہ پہلوتہی کرے نہ کوئی کمزوری دکھائے اور نہ کسی طریقے سے ایک double policy اختیار کرے ہمیں اپنا دباؤ (قوم کا دباؤ) اس حد تک حکومت پر بڑھانا چاہیئے کہ حکومت مجبور ہو کہ جو کام کشمیر cause کے ساتھ dedicated ایک حکومت کر سکتی ہے وہ یہ حکومت کرنے پر مجبور ہو۔ اس کا دل مانے یا نہ مانے۔ اس حد تک دباؤ بڑھایا جائے

میں سمجھتا ہوں کہ اس مسئلے میں اگر حکومت عقلمندی سے کام لے اور مجھے یہ افسوس ہے کہ جس دن joint session تھا حکومت نے عقلمندی سے کام نہیں لیا۔ بلکہ مجھے یہ بھی افسوس ہے کہ ہمارے فارن منسٹر صاحب نے بھی عقلمندی سے کام نہیں لیا بار بار وہ یہ کہتے رہے اور بڑے زور سے کہتے رہے، سب سے بڑا نقصان کا اس بات پر تھا کہ اپوزیشن کشمیر کے معاملات میں دلچسپی نہیں لے رہی۔ میں نہیں سمجھتا کہ وہ کس کو یہ بتانا چاہتے تھے کہ اپوزیشن دلچسپی نہیں لے رہی۔ میں نہیں سمجھتا کہ وہ کس کو یہ دکھانا چاہتے تھے کہ یہ قوم دلچسپی نہیں لے رہی اور اس سے وہ کیا حاصل کرنا چاہتے تھے سوائے اس کے کہ وہ اس بات پر ناراض ہو گئے ہوں کہ چند لوگوں نے ان کے متعلق کچھ تنقیدی کلمات کہے میں سمجھتا ہوں کہ اتنا عرصہ اتنے senior عہدوں پر رہ کر ان میں کم از کم اتنی بردباری تو آنی چاہیئے تھی کہ اگر اپوزیشن نے کچھ تنقیدی کلمات کہے تھے تو ان کو بردباری سے گزار دیتے بجائے یہ کہنے کے اور بار بار کہنے کے، بڑے زور سے کہنے کہ اپوزیشن کوئی

[Mr. Asif Fasihuddin Vardag]

دلچسپی نہیں لے رہی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس میں جو دلچسپی نہیں لے رہا وہ قوم سے غداری کر رہا ہے جو دلچسپی نہیں لے رہا وہ کشمیر cause سے غداری کر رہا ہے اور میں سمجھتا ہوں جو اس وقت کشمیریوں نے اپنا خون بہا کر اپنے خون کا نذرانہ پیش کر کے جو کشمیریوں نے اپنے cause کے لیے اور پاکستان کے موقف کے لیے ایک situation پیدا کی ہے اس سے اگر ہم صحیح طور پر معاملات کو آگے نہیں بڑھاتے تو ہم سے زیادہ کوتاہی کوئی اور نہیں کر سکتا۔ بہت بہت شکریہ!

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔ جناب حسین بخش بنگلزئی صاحب۔

میر حسین بخش بنگلزئی: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین۔ کشمیر کے مسئلے پر میں اپنی معروضات علامہ اقبال کے ایک شعر سے پیش کرنا پسند کروں گا فرماتے ہیں کہ۔

جہاں را زیک آب و گل آفریدم
تو ایران و تاتار و زند آفریدی۔

خالق کائنات نے اس کرہ ارض کو مٹی اور پانی سے بنایا ہے اور انسانوں کو اس کائنات میں آزاد پیدا کیا ہے۔ انسان نے اپنی ضروریات اپنی سیاسی مجبوریوں اپنے عقیدوں اور اپنی اقتصادی مجبوریوں کی وجہ سے دنیا کو مختلف حصّوں میں تقسیم کیا اور ان کے نام رکھے اور اس کی سب سے بہترین اور عمدہ مثال خود پاکستان کا وجود ہے۔ جناب چیئرمین! آپ کو یاد ہوگا کہ برصغیر پاک و ہند انگریزوں کے زیر تسلط دو سو سال رہا اور برصغیر پاک و ہند کے عوام نے اپنی آزادی کے لیے ایک مسلسل صبر آزما جنگ لڑی صرف اس وجہ سے برصغیر ہند کو ایک لکیر کھینچ کر اپنی ضروریات معاشی مجبوریوں اور عقیدوں کے حوالے سے ایک آزاد مملکت قائم کی جس کا نام پاکستان ہے اور جس کے باشندے ہونے پر ہمیں اور آپ کو فخر ہے۔ جناب والا! اپنی حوالوں سے دنیا کی تاریخ کو جب ہم پلٹ کر دیکھتے ہیں تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ جغرافیائی تقسیم وقتاً فوقتاً دنیا کے مختلف خطوں میں مختلف انداز میں رونما ہوتی رہتی ہے ایک وہ زمانہ تھا جب وہ علاقہ، آج جس میں آپ بیٹھے ہیں افغانستان کہلاتا تھا۔ لیکن تاریخی حوالوں سے لوگوں نے جب اپنی آزادی کے لیے جدوجہد کی تو کرہ ارض کے حصّوں پر مختلف لکیریں پڑ گئیں اور آزاد ممالک سامنے آئے۔ بنیادی طور پر آزاد ممالک سامنے آنے کی

وجہ، اللہ کی طرف سے انسان کو وہ ودیعت کیا ہوا ایک جذبہ ہے جس کا نام ہے اظہار خیال۔ یہی وہ بات ہے کہ جس کے لیے انسان لڑتا ہے، کٹتا ہے مرتا ہے اور قربانیاں دیتا ہے اور اپنی قربانیاں اس وجہ سے دیتا ہے کہ وہ جہاں رہتے کم از کم اس کی رہائش گاہ میں اور پورے طور پر جب کہ یہ کائنات انسان کی رہائش گاہ ہے اس کو اظہار رائے کا بنیادی حق ہو، اظہار رائے کے بنیادی حق سے میں اپنی معروضات پیش کرنا چاہتا ہوں کہ آج کشمیر کا مسئلہ جن حوالوں سے پاکستان کے سامنے اور بین الاقوامی دنیا کے فورم پر نمایاں ہے وہ صرف کشمیریوں کے حق خود ارادیت کے لیے ہے ہم آپ اور ہر خود مختار انسان اس دنیا کے اندر اس بات کا قائل ہے کہ دنیا میں رہنے والے ہر فرد ہر بشر کو آزادی اظہار رائے کا بنیادی حق ملنا چاہیئے۔

جناب والا! کشمیر کے مسئلے پر پاکستان کی پارلیمنٹ نے ایک مشترکہ قرارداد پاس کی ہے اور کشمیر کے مسئلے پر دونوں ایوانوں میں سیر حاصل تقریریں ہوئیں اور ان تقاریر کے اندر مختلف تجاویز پیش کی گئی ہیں مختلف انداز میں برسر اقتدار جماعت پر تنقید ہوئی ہے اور ان تجاویز کے حوالے سے حکومت وقت کو یہ بتایا گیا ہے کہ عوامی جذبات کشمیر کے حوالے سے کیا ہیں مجھے اس بات کی قوی امید ہے کہ وزارت خارجہ جن ہاتھوں میں ہے وہ عوامی جذبات کا پارلیمنٹ کے حوالے سے ایک سنجیدہ نوٹس لے کر اپنی خارجہ پالیسی اسی frame work میں ترتیب دیں گے جس کا آئینہ لوگوں نے معزز اراکین نے انہیں دکھایا ہے ویسے جناب چیئرمین! آخری مقرر کے کہنے کے لیے کچھ نہیں رہتا اس وجہ سے کہ دونوں ایوانوں میں تاریخ جغرافیہ معروضی حالات کا تجزیہ سب کچھ اس تفصیل سے پیش کیا گیا ہے کہ اس پر کم از کم مزید کچھ بات کہنے کی مجھے ضرورت نہیں یہ ریکارڈ پر موجود ہے پاکستان ایک آزاد و خود مختار مملکت ہے۔ دنیا کے اندر جتنی بھی آزادی کی تحریکیں چلی ہیں چاہے وہ نمیبیا کی آزادی کی تحریک ہو فلسطین کی ہو، افغانستان کی ہو، ایمزاٹرکی ہو یا ویت نام کی ہو تو پاکستان نے ان میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہے ہیں حکومت وقت سے صرف ایک بات اس حوالے سے عرض کرنا چاہوں گا کہ جہاں تک پاکستانی قوم کا تعلق ہے نیشنل ایشوز پر وہ ہمیشہ ایک رائے کی حامل

[Mir Hussain Bakhsh Bangulzai]

رہی ہے مثلاً جب افغانستان کا مسئلہ ہمارے سامنے آیا تو ہم پوری پاکستانی قوم نے مل کر افغانستان کے مسئلے پر اپنا مثبت اور بھرپور کردار اس لیے ادا کیا کہ پاکستان کے وجود کو ان عزائم سے خطرہ تھا جن عزائم سے ایک سپر پاور کی افواج افغانستان کے ایک چھوٹے سے ملک میں داخل ہوئی تھیں اور میں سلام بھیجتا ہوں ان جری بہادر اور سرفروش افغانوں پر جنہوں نے اپنی سرزمین ننگے ہاتھوں کے ساتھ ننگے پاؤں کے ساتھ ننگے سر کے ساتھ، سر پر کفن باندھ کر آزاد رکھی میں کیا ان کو سلام بھیجتا ہوں تاریخ ان کو سلام بھیجتی ہے لیکن ہم نے بطور ایک پاکستانی کے اپنے پاکستان کی حکومت کے حوالے سے اپنی سرفروشی کے اس باب کے اندر اپنے کردار کا ضرور اضافہ کیا ہے آج ہمارے مشرقی حصے پر جب کہ تحریک آزادی کشمیر چل رہی ہے تو چونکہ تحریک پاکستان کا باب اس وقت تک مکمل نہیں ہو سکتا جب تک کہ کشمیر کی آزادی پایہ تکمیل تک نہ پہنچے لہذا ملک کے اندر ایک مسلسل جذبہ موجود ہے کہ کشمیر کی آزادی کی تحریک میں پاکستان اپنا کردار ان حوالوں سے ادا کرے کہ قومی سطح پر بین الاقوامی سطح پر اسلامی ملکوں کی سطح پر اور غیر وابستہ ملکوں کے پلیٹ فارم سے کشمیر کے اس ایشو کو مکمل طور پر project کر کے اس کی وکالت کی جائے اور کشمیر کے جری اور بہادر عوام کو جو اپنی آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں پاکستان ہر ممکن مدد کرے لہذا میں پاکستان کے ایک ہمدرد شہری کی حیثیت سے کشمیر کاز کے ساتھ اپنے ماہ فروری کا وظیفہ جو مجھے ملے گا آج کشمیر کے فنڈ میں دیتا ہوں اور کشمیر کی وادیوں سے صرف اور صرف ایک آواز آ رہی ہے یہ ایک غیر مرئی آواز ہے تمام وادیوں میں تمام پہاڑوں میں اور پاکستان کے غیور عوام کے ہر ذہن میں اور دنیا کے گوشے گوشے میں ایک ہی آواز گونج رہی ہے آواز یہ ہے۔

صدا آ رہی ہے یہ کشمیر سے
چھڑاؤ مجھے اب زنجیر سے۔

جناب شکریہ!

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جناب، قاضی عبداللطیف۔

قاضی عبداللطیف: نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

جناب چیئرمین! کشمیر کے مسئلے پر بہت کچھ کہا جا چکا ہے، تاریخی، سیاسی، قانونی حیثیت اس کی واضح کر دی گئی ہے اس کو دہرانے کی کوشش نہیں کروں گا، یہ تاثر دیا جا رہا ہے کہ ساری قوم اس مسئلے پر متفق اور متحد ہے اس کے لیے حزب اختلاف کو حزب اقتدار نے بھی بلایا اور ہم سمجھتے ہیں کہ انہوں نے کوشش کی کہ دنیا کو یہ سمجھایا جائے کہ حزب اقتدار کا مسلک اور حزب اقتدار کا ہدف بھی وہی ہے جو حزب اختلاف کا ہے۔ کسی مسئلے پر ساری قوم سارے شہر اور سارے علاقے کا اکٹھا ہونا یہ ظاہر کرتا ہے کہ یہاں پر کوئی بڑی آفت آنے والی ہے اور اس کے لیے ساری قوم کو اکٹھا ہونا چاہیئے تاکہ مشترکہ طور پر ہم اس کا دفاع کر سکیں لیکن ہم دیکھ رہے ہیں کہ تھانت بھانتی کی بولیاں بولی جا رہی ہیں اور یہ ہماری سمجھ سے بالاتر ہے کہ بعض دانشوروں کی جانب سے یہ کہا جا رہا ہے کہ ہم جنگ کے متحمل نہیں ہو سکتے ہم جنگ نہیں لڑ سکتے بعض یہ کہتے ہیں کہ یہاں پر اقوام متحدہ کی قرارداد کے مطابق ہم نے اب یہ مسئلہ حل تو کرانا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ وہ معذرت خواہانہ انداز میں یہ بھی کہتے ہیں یہ مسئلہ ہمارا نہیں ہے ہمارا اٹھایا ہوا نہیں ہے یہ بنیاد پرستوں کا نہیں بلکہ یہ وہاں کے چند باشندوں کا مسئلہ ہے۔

در ماندہ صلاح و فلاحیم الحذر
زیں رسمہا کہ مردم عاقل نہادہ اند۔

اس کا مقصد یہ ہے کہ ملک کی تقسیم کا فلسفہ ہی غلط تھا اس کا مقصد یہ ہے کہ ہم نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ نہیں سمجھا ہم نے کشمیر کو وہاں کے چند باشندوں کا مسئلہ سمجھا ہے کہ وہ اٹھ کھڑے ہوئے ہیں اور وہ اپنی جدوجہد کے لیے لڑ رہے ہیں۔ اس سے زیادہ بزدلی کی بات کوئی ہو نہیں سکتی کہ یہ کہا جائے کہ ہم کشمیریوں کی حمایت اس طریقے سے کر رہے ہیں کہ جس طریقے سے ہم نے نمیبیا کی آزادی کی حمایت کی ہے یا ہم نے فلسطین کے حریت پسندوں کی حمایت کی ہے یا ہم نے دنیا کے دیگر حریت پسندوں کی حمایت کی ہے اس کا معنی یہ ہے کہ یہ ہمارا کوئی مسئلہ ہی نہیں ہمارا اس سے کوئی تعلق ہی نہیں جب کہ اقوام متحدہ کے اندر پاکستان یہ لکھ کر دے چکا ہے کہ پاکستان کشمیر کا وکیل ہے اور پاکستان کشمیر کی جانب سے وہاں کا مختار عام ہے اس پاکستان ہی کا فرض تھا کہ

[Qazi Abdul Latif]

وہ اس مسئلے کو اٹھاتا اور آگے بڑھاتا۔ میں یہ بھی عرض کروں گا کہ بار بار یہ کہا جا رہا ہے کہ کشمیریوں کو اس کے اندر شامل کیا جائے یہ ہماری زبان کی لکنت ہے یا ہم اپنی ترجمانی صحیح نہیں کر سکتے جب اقوام متحدہ میں ہم نے لکھ کر دیا ہے کہ پاکستان کشمیریوں کا وکیل ہے تو بحیثیت وکیل ہمارا کوئی مؤکل بھی ہونا چاہیئے اور ہمارا موکل وہی کشمیر کا علاقہ ہی تو ہے اور وہاں کے لوگ ہمارے مؤکل ہیں جب وہ ہمارے موکل ہیں تو ان کو اسی کے ساتھ فریق بنانے میں اشکال کیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم مسئلے کی صحیح ترجمانی نہیں کر سکے اب اس وقت بعض لوگ یہ بھی کہتے ہیں کہ ہم اس مسئلے کو قانونی طور پر اقوام متحدہ میں نہیں اٹھا سکتے۔ اور بسا اوقات یہ حکومت کے بڑے بڑے کارندوں کی جانب سے بھی کہا جاتا ہے۔ اقبال اخوند صاحب جو آج ہماری ترجمانی کے لیے باہر گئے ہوئے ہیں اس نے ۸ فروری کے نوائے وقت میں کہا ہے کہ اس مسئلے کو ہم اقوام متحدہ میں لے جانے کے لیے سوچ رہے ہیں لیکن بیان کے اندر جو آیا ہے وہ یہ ہے کہ ہم اس کو اقوام متحدہ میں نہیں لے جا سکتے اگر آپ اس کو اقوام متحدہ میں نہیں لے جا سکتے تو پھر آپ بیرونی ممالک کے دورے کاہے کے لیے کر رہے ہیں یہ پاکستان کی ترجمانی ہرگز نہیں، پاکستان کی ترجمانی کے لیے ایک اعلیٰ سطح کا وفد بھیجنا چاہیئے تھا ایک جانب تو ہم یہ کہتے ہیں کہ کشمیر کا مسئلہ ہماری موت وحیات کا مسئلہ ہے دوسری جانب ہم کچھ خطوط لکھ کر ان ممالک کی خدمت میں بھیج رہے ہیں کہ مہربانی کر کے ہمارے یہ خطوط پڑھ لو یہ ہمارے ترجمان نہیں ہیں آپ کل کے پرچے نوائے وقت میں دیکھیں اقبال صاحب روس گئے ہماری صرف اتنی بات دو سطور میں آگئی ہے کہ انہوں نے اپنا خط پہنچا دیا اور روس کے وزیر خارجہ سے اس نے کشمیر کے مسئلے پر بھی تبادلہ خیال کیا ہے اس کے بعد روس کے وزیر خارجہ نے اپنے جتنے بھی مطالب تھے اور جتنے بھی ان کے مسائل تھے خصوصیت سے افغانستان کے سلسلے میں وہ سارے کے سارے ان کے سامنے بیان کر دیئے۔ ساری تفصیل اس کی آئی ہے ہمیں یہ معلوم نہیں ہے کہ ہماری ترجمانی عالمی رائے عامہ ہموار کرنے کے لیے کس طریقے سے کی جا رہی ہے اگر یہ کہا جا رہا ہے کہ ہم کشمیریوں کی حمایت اسی طریقے سے کرتے ہیں کہ جس طریقے سے ہم نے نمیبیا کی کی ہے جس طریقے سے ہم نے فلسطینیوں کی کی ہے تو میں یہ کہوں گا۔

؎ ہوئے تم دوست جس کے دشمن اس کا آسمان کیوں ہو۔

یہ ترجمانی کس کی ہو رہی ہے۔ میرے نزدیک یہ انڈیا کی حمایت ہے یہ ہماری ترجمانی تو نہیں ہے کہ دنیا کے اندر کہا جائے کہ ہم اسلام کی بنیاد پر یہ حق نہیں مانگ رہے بلکہ معمول کے مطابق حریت پسندوں کی حمایت ہے مجھے افسوس ہے کہ ہمارے ایک بڑے محترم اور بزرگ رکن نے جو کشمیر کا باشندہ اور معمر ترین ہے قائداعظم کا ساتھی بھی ہے اس کی زبان میں بھی یہ لکنت آگئی ہے اور کہتا ہے ہاں ہمارا مسئلہ تو بنیاد پرستی ہی ہے لیکن آج ہم سیاسی بنیاد پر لڑ رہے ہیں میں پھر یہی کہوں گا اگر قائداعظم کے سامنے بھی یہ معاملہ ہوتیں تو پاکستان کبھی نہ بنتا یہ ملک جو تقسیم ہوا ہے اس بنیاد پرستی کی بنیاد پر ہی ہوا ہے جس کو آج ہم اپنے لئے باعث شرم سمجھتے ہیں اور شرم سمجھتے ہیں اور جب کبھی بھی کشمیر کا مسئلہ زبان پر آتا ہے تو ہم اسلام کا نام وہاں نہیں لیتے حالانکہ کشمیر کے مسئلے کی بنیاد اسی پر ہے اور اسی بنیاد پر ہمارا مطالبہ ہے اور اسی کو اقوام متحدہ نے تسلیم کیا تھا کہ راجہ نے وہاں جاکر الحاق کا اعلان کیا مسلمان اکثریت نے اسلام کی بنیاد پر انکار کیا۔ مسٹر نہرو نے اقوام متحدہ میں جاکر کہہ دیا تھا کہ ٹھیک ہے اس کے الحاق کا اعلان صحیح نہیں ہے اور یہ علاقہ متنازعہ فیہ ہے اب اگر ہم اصل دعوے سے دستبردار ہوں تو پھر ہمارے پاس اور کیا رہ جاتا ہے دنیا کو یہ باور کرانا اور یہ کہنا کہ ہم جنگ نہیں لڑ رہے میں سمجھتا ہوں مہمل جملہ ہے وہ اس لیے کہ ساری دنیا کو ہمارے اردگرد کے حالات معلوم ہیں ہمارے وسائل پوشیدہ نہیں ہماری مغربی سرحد اور مشرقی سرحد کی حالت کیا ہے اگر ہم ان خطرناک حالات میں گھرے ہوئے ہیں ہمارے وسائل بھی نہیں ہیں ابھی افغانستان کی جنگ جو ہماری جنگ تھی اس سے ابھی تک نہیں نکلے تو ان حالات میں یہ کہنا کہ ہم جنگ نہیں لڑ رہے یہ دنیا کو بیوقوف بنانا ہے ہمارے حالات ایسے ہیں ہی نہیں کہ ہم جنگ لڑیں دنیا کو اس وقت یہ بتلانا ضروری ہے کہ ہندوستان کی جانب سے ہم پر جارحیت ہوئی ہے اس کا تدارک کیا جائے۔ یہ کہنا بھی غلط ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں ان کی فوجیں آئی ہیں، جب مقبوضہ کشمیر آپ کا متنازعہ علاقہ ہے وہ جھگڑے کا علاقہ ہے اور اس کا فیصلہ ہونا ہے آپ اس کے وکیل اور مختار عام ہیں تو آپ کا فرض ہے کہ بین الاقوامی دنیا کو یہ باور کرائیں کہ بھارت ہمارے گھر پر حملہ آور ہوا ہے اس لیے کہ جو متنازعہ فیہ علاقہ ہے اس میں

[Qazi Abdul Latif]

بھارت کو آنے کا کیا حق پہنچتا ہے کہ وہاں اپنی فوجیں بھیجے اور تباہی مچائے دوسری بات یہ ہے کہ اگر میرے پڑوس میں، میری دیوار کے پیچھے دشمن کی فوجیں مورچہ بند ہو جاتی ہیں تو میں اس صورت حال میں کیسے مطمئن بیٹھ سکتا ہوں۔

اب یہ کہہ دینا کہ بھائی! ہم لڑائی نہیں لڑ رہے ہیں اور ہمارا لڑائی کا کوئی ارادہ نہیں ہے یہ بات مہمل، لغو اور بے فائدہ ہے، آپ نے دنیا کو یہ بتلانا ہے کہ آج ہم جارحیت کا شکار ہیں، جارحیت ہو رہی ہے اور ہمیں مجبوراً اس جارحیت کا مقابلہ کرنا ہے، بین الاقوامی دنیا کا یہ فرض ہے، ایسی دنیا جس کے ساتھ ہمارے مراسم اور تعلقات ہیں کہ وہ اس مسئلہ کی اہمیت کو سمجھیں، ہمیں اپنے دفاع کے لیے لڑنا ہے ہمیں اپنی حفاظت کرنی ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ میں یہ کہوں گا کہ اگر ان لوگوں کے ہاتھ میں یہ بات رہے جو اسلام کا نام لینے سے شرماتے ہیں تو پاکستان کبھی نہیں لڑ سکے گا آج افغانستان کی جنگ نے ثابت کر دیا ہے کہ دنیا کے اندر سب سے بڑی قوت اسلام ہے، اسلحہ نہیں ہے ہم ہندوستان کو کہتے ہیں کہ روس کے حالات سے عبرت حاصل کرو، تمہاری طاقت روس کی طاقت سے زیادہ نہیں، تمہاری فوج روس کی فوج سے زیادہ نہیں، تمہاری تعداد روس کی تعداد سے زیادہ نہیں ہے، تمہارے وسائل روس کے وسائل سے زیادہ نہیں ہیں اگر روس اسلام سے ٹکر لے کر پاش پاش ہو گیا اور اس کی ہر ریاست کے اندر بغاوت ہے ہندوستان میں بھی ایک قوم نہیں ہے بلکہ سینکڑوں قومیں آباد ہیں اگر اسلام کے ساتھ اس نے ٹکر لی تو نتیجہ روس سے مختلف نہیں ہو گا اور فتح ہماری ہو گی میں یہاں ان لوگوں کے بارے میں نہیں کہہ رہا جن کی زبان میں اسلام کے نام لیتے وقت لکنت آجاتی ہے اس ایوان میں مسئلہ کشمیر کی ابتدا ہی یہاں سے کی گئی ہے یہ بنیاد پرستوں کی بات نہیں ہے یہ وہاں کے عام لوگوں کی بات ہے جو مذہبی امتیاز کے بغیر مشترکہ طور پر لڑ رہے ہیں تو اس کے معنی یہ ہیں کہ ہم نظریات کی بنیاد پر نہیں لڑ رہے اگر آپ نظریات کی بنیاد پر نہیں لڑ رہے تو پھر آپ کو یاد رکھنا چاہیئے کہ آپ کی فوج ہندوستان کی فوج سے کم ہے آپ کا اسلحہ ہندوستان کے اسلحہ سے کم ہے آپ کی نیوی ہندوستان کی نیوی سے کم ہے آپ کے وسائل اس کے وسائل سے کم ہیں آپ کی مغربی سرحد آج بھی آتش فشاں بنی ہوئی ہے، تو پھر آپ کس بنیاد پر لڑیں گے اور کس بنیاد پر ان سے بات کریں گے۔ آج اگر ہمارے پاس کچھ ہے تو وہ صرف قوت ایمانی ہے اور اسی قوت ایمانی سے اس ملک

کو تقسیم کیا گیا تھا۔ آج بھی اگر یہ مصلحت پسند ہوتے تو یہ قائداعظم کو مشورہ دیتے کہ ذرا ڈھیلے ہو جاؤ، اور کافر نبی علیہ السلام سے یہی کہتے ہیں۔

ودوا لو تدھن فیدھنون ۔

ان کی خواہش ہے کہ تم ذرا نرم ہو جاؤ، ہم بھی نرم ہو جائیں گے تم اسلام کی وہ تعبیر مت کرو جس سے ہمارے تمام عقائد ہل جاتے ہیں ہم بھی ڈھیلے ہو جاتے ہیں اور آپ کے مقابلے میں اتنی شدت سے نہیں آئیں گے آج جو بھی دانشمند اور اپنے آپ کو عقل مند کہنے والے کہتے ہیں یہ آج کی بات نہیں چودہ سو سال پہلے بھی مسلمانوں کو یہ کہا جاتا تھا کہ لوگ تمہارے لیے اکٹھے ہو گئے ہیں، ڈرو ان سے، ساری دنیا کے خلاف کام کر رہے ہو۔ مدینہ کے چند صحابہ کرام کو کہا جا رہا تھا کہ ساری دنیا آپ کے خلاف اکٹھی ہو گئی ہے ساری اقوام آپ کے خلاف اکٹھی ہو رہی ہیں، تو وہ یہ جواب دیتے تھے کہ ہمارے لیے خدا کافی ہے اس لیے کہ ہم نے ایک مقصد سامنے رکھا ہوا ہے اور ہم موت کو اپنی زندگی سمجھتے ہیں جس قوم کے پاس یہ فلسفہ نہ ہو ان کو ناکام بنانے کے لیے کسی اور عربے کی ضرورت نہیں ہے آج ہمیں بھی ڈرایا جا رہا ہے اس لیے ہمارے حکمرانوں کی زبانوں میں لکنت ہے، وہ ساری دنیا کے سامنے یہ کہتے ہیں کہ ہم ان کی حمایت کر رہے ہیں جس طریقے سے ہم نے نمیبیا کی حمایت کی ہے جس طریقے سے فلسطین کی کی ہے، یہ غلط بات ہے، یہ پاکستان کی ترجمانی نہیں ہے۔ اگر ہمارے سفیر باہر جا کر، ہمارے ایلچی باہر جا کر، ہماری یہ ترجمانی کرتے ہیں تو ہم اس ترجمانی پر لعنت بھیجتے ہیں یہ ہماری ترجمانی نہیں یہ پاکستان کی ترجمانی نہیں ہے، یہ پاکستانی مسلمانوں کی ترجمانی ہرگز نہیں ہے یہ کسی اور کی ترجمانی ہو تو ہو ہماری ترجمانی نہیں۔ تو میں گزارش کروں گا کہ قوموں کے مسائل جرأت، ہمت، بہادری اور استقلال سے حل ہوتے ہیں، وہ تذبذب سے حل نہیں ہوتے، آپ کسی بھی قوم کو لیجیے، جس قوم نے بھی اپنے وجود کو تسلیم کرایا ہے، اس نے یہ جرأت، ہمت اور استقلال سے کام لیا ہے تب جا کر کہیں یہ کامیاب ہوئے ہیں۔

بنا کردند خوش رسمے بخاک و خون غلطیدن ۔
خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را۔

یہ کیسے لوگ تھے جنہوں نے اپنے مقصد کو سامنے رکھا اور صرف اپنے مقصد کے

[Qazi Abdul Latif]

لیے قربانی دی ہے۔

؎ یاں گروہ کہ از ساغر وفا مستند۔

سلاہا بر سانید ہر کجا ہستند۔

کہ جو لوگ ایک بنیاد پر لڑتے ہیں ایک عقیدے پر لڑتے ہیں استقلال سے لڑتے ہیں تذبذب کی باتیں نہیں کرتے وہ دنیا میں کامیاب اور بامراد ہوتے ہیں تذبذب کی پالیسیاں کبھی بھی کامیاب نہیں ہوتی۔ میں حزب اقتدار اور حزب اختلاف دونوں سے عرض کروں گا کہ وہ سوچیں کہ تمہاری باتوں میں کتنا تضاد ہے، اپنی بات کو ایک کرو، کہ دنیا کے سامنے کیا پیش کرنا ہے آپ نے اس سے کیا کہنا ہے اور اس سے کیا مانگنا ہے اس لیے میری گزارش ہوگی کہ ہمیں دنیا کو عملی طور پر یہ دکھانا ہوگا کہ واقعی کشمیر کا مسئلہ آج آتش فشاں بنا ہوا ہے اور وہ کسی وقت بھی پھٹ سکتا ہے، صرف زبان سے کہنے کی بات نہیں ہے۔ اس کے لیے ہمارے سامنے تاریخ میں قوموں کے واقعات موجود ہیں، جنگ عظیم کے زمانے میں برطانیہ نے دیکھا کہ ان پر جنگ مسلط کی جا رہی ہے، چرچل کو بلا کر وزیر اعظم بنا دیا، اس لیے کہ یہ قومی مسئلہ تھا ملک کا تحفظ کرانا تھا، آج بھی اگر واقعتاً یہ بات ہے جس طریقے سے ہر ریڈیو پر، پاکستان کے ہر چپہ چپہ پر، یہ جلوس نکالے جا رہے ہیں۔ اس کے لیے عملی صورت یہ ہے کہ قومی حکومت، کسی جوان، تجربہ کار مرد کے زیر نگرانی بناؤ، اس لیے کہ یہ قوم کا مسئلہ ہے، ملک کا مسئلہ ہے اور ملک کے تحفظ کا مسئلہ ہے لہذا قومی حکومت کسی تجربہ کار مرد کی زیر نگرانی بننی چاہیئے جس میں حزب اقتدار اور حزب اختلاف دونوں شامل ہوں اس سے عالمی طاقتوں کو باور کرانا ہوگا کہ واقعتاً ہمیں خطرہ ہے صرف زبانی دعووں سے دنیا کو یقین دھانی نہیں کرائی جا سکتی۔ یہ دلیل کہ ہم اُن کے ساتھ بھی اتنی ہمدردی رکھتے ہیں جتنی نیمیا کے ساتھ رکھتے ہیں خدا کے لیے سوچیئے یہ قوم کو تباہ کرنے کی داستان ہے، سمجھ نہیں آتا کہ قوم اور فوج کو کہاں لے جانا چاہتے ہو، میں فوج کی لڑائی کا قائل نہیں ہوں آج بھی میں کہتا ہوں کہ اس کے لیے ضرورت اس بات کی ہے کہ آپ پہلے اپنی مغربی سرحد کی حفاظت کریں اور اسکی حفاظت کا طریقہ کار صرف اور صرف ایک ہے کہ مجاہدین کے مسئلے کو حل کرو اور انہی کی مرضی کے مطابق حل کرو۔ جب کہ اس کا واحد طریقہ کار یہ ہے کہ انکی عبوری حکومت کو تسلیم کر کے اُن سے

انتخاب کرواؤ تاکہ انکی مستقل حکومت وہاں بن جائے تین مہینے کے اندر اُن سے کہا جائے کہ انتخابات کراؤ اور اپنے ملک میں چلے جاؤ اگر آپ ان کی عبوری حکومت کو تسلیم کرتے ہیں اور انتخابات کرا لیتے ہیں تو پھر وہ مجبور ہیں کہ اپنے ملک میں جائیں جب وہ اپنے ملک میں جائیں گے تو آپ کو ایک کروڑ انسانوں کی تعداد میں رضاکارانہ سپاہی مل جائیں گے پھر آپ پر یہ میزائل نہیں گریں گے جب کہ آج ہم ان کے میزائلوں کا جواب تک نہیں دے سکتے۔ ہمیں بتلایا جائے کہ ہم پر میزائل پھینکے جانے کا ہم نے کیا جواب دیا ہے۔ ہم نے صرف یہ کہا کہ دوبارہ ایسا نہ کرنا ورنہ پھر دیکھا جائے گا۔ ہندوستان نے ہمارے آدمیوں کو چکوٹھی اور دوسرے مقامات میں شہید کیا ہم نے کہا خبردار ایسا نہ کرنا۔ بھائی وہ ہمارے گھر میں داخل ہو کر تباہی مچا رہے ہیں تمہاری زبان میں لکنت کیوں ہے؟ یہ کیا بات ہے کہ تم خط دے کر ایلچیوں کو بھیجتے ہو۔ وزیر خارجہ کیوں بیٹھا ہے اس وقت ضرورت ہے کہ وزیر خارجہ حزب اختلاف کے ساتھ اعلیٰ سطحی وفد لے کر بین الاقوامی دنیا میں جائے تاکہ صحیح طور پر ہماری ترجمانی ہو سکے ڈاکیے کو خط دے کر بھیجتے ہو کہ یہ ڈاک پہنچا دو۔ اگر ڈاک ہی بھیجنی ہے تو ڈاک کے ذریعے کیوں نہیں بھیجتے؟ ٹرانک کے ذریعے بھیج کر یہ کہہ دیتے کہ یہ اہم ترین خط ہے خدا کے لیے اسکی طرف توجہ کرو۔ خرچ بھی ہمارا نہ ہوتا، وقت بھی ضائع نہ ہوتا لیکن اگر مسئلہ اہم ہے اور اس کی کوئی اہمیت ہے تو اعلیٰ سطح کے وفود بھیج کر عالم اسلام کو بتلاؤ کہ ہمارے ساتھ کیا ہو رہا ہے آج ہمارا ملک مٹ رہا ہے ہماری مشرقی اور مغربی دونوں سرحدات غیر محفوظ ہیں۔ سندھ کے اندر ہماری کیفیت یہ ہے جس کو آج خود وزیر داخلہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ وہاں بیرونی مداخلت ہو رہی ہے وہی خود تسلیم کر رہے ہیں جس کے لیے ہم ایک سال سے چلا رہے ہیں کہ خدا کے لیے وہاں بیرونی مداخلت ہو رہی ہے لیکن اس وقت تسلیم کرنے کے لیے کوئی تیار نہیں تھا اب ہم کہاں جائیں اور کس کے سامنے فریاد کریں؟ یہ ہمارے جو بڑے بڑے بیٹھے ہیں کیا ان کا یہ فرض نہیں ہے کہ ملک کی سرحدات اور ملک کے نظریات کا تحفظ کریں، جو لوگ ملک کے نظریات کے تذکرہ سے بھی غراتے ہیں ان کو ہمارا نمائندگی کرنے کا کوئی حق نہیں

آخر میں، میں گزارش کروں گا کہ اگر واقعتاً یہ مسئلہ ہے تو دنیا کو عملی طور پر یہ باور کرانے کے لیے، قومی حکومت بناؤ جو کسی تجربہ کار مرد کی نگرانی میں

[Qazi Abdul Latif]

